بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز جمعہ 03 دسمبر 2021ء 27 ربیع الثانی 1443ھ | شمارہ 146 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

بلوچستان حکومت عوامی مسائل حل کرنے کے لئے تیار ہے، صادق سنجرانی

وفد آئے جو بااختیار ہو، عوام مسائل کا حل چاہتے ہیں، وزیرِ اعلیٰ بلوچستان اگر تربت کے دورہ کے بعد گوادر دھرنا کے شرکاء کے پاس آ جاتے تو مسائل کا حل ہو جاتا، لیاقت بلوچ

حکومتی وفد دھرنا کے شرکاء کے پاس جائے گا اور عوامی مسائل حل کے اقدامات کیے جائیں گے (چیئرمین سینٹ) حکومت کا 12 اضلاع سے پولیس اور بی سی کے 5 ہزار اہلکار گوادر میں بھیجنے کا حکم

لاہور/ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے سینیٹ چیئرمین صادق سنجرانی نے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور گوادر بلوچستان میں مولانا ہدایت الرحمٰن کی قیادت میں جاری دھرنا کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا اور کہا کہ بلوچستان حکومت عوامی مسائل حل کرنے کے لئے تیار ہے۔ لیاقت بلوچ نے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سٹاک ایکسچینج نہیں، موجودہ حکومت کی معاشی پالیسی اور اقدامات کریش ہوئے ہیں

غیر ملکی قرض کا تاریخی بوجھ، روپے کی قدر میں مسلسل کمی کا نتیجہ یہ ہی نکلنا تھا، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف کا سٹاک ایکسچینج کریش ہونے پر کہا ہے کہ سٹاک ایکسچینج نہیں، موجودہ حکومت کی معاشی پالیسی اور اقدامات کریش ہوئے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز حکومت نے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شہریت چھوڑی ہے تو اس کا سرٹیفکیٹ بھی پیش کریں، چیف الیکشن کمشنر

فیصل واڈا نااہلی کیس، آئندہ سماعت پر کوئی نہ آیا تو فیصلہ محفوظ کرلیں گے، الیکشن کمیشن کا انتباہ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے نااہلی کیس میں حکمراں جماعت پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل واڈا سمیت تمام فریقین کو آخری موقع دیتے ہوئے تحریری معروضات اور دلائل جمع کرانے کی ہدایت کردی۔ جمعرات کو چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں تین

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ مودور کے سنا اور جودہ کرپشن کو بے نقاب کریں گے، عمران خان

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ممبران سے کرپشن سے متعلق کیسز کو ہائی لائٹ کرنے کی توقع ہے، جو کوئی کرپشن کے معاملات پر مٹی ڈالنے کی کوشش کرے، مجھے بتائیں

کرپشن کرنے والا جو کوئی بھی ہے قانون کی گرفت میں لائیں، وزیراعظم سے پی اے سی ممبران کی ملاقات میں گفتگو، پی اے سی ممبران نے کرپشن سے متعلق تمام معاملہ بیوروکریسی پر ڈال دیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ممبران سے کرپشن سے متعلق کیسز کو ہائی لائٹ کرنے کی توقع ہے، سابقہ حکومت کی کرپشن کے کیسز کو منظر عام پر لایا جائے، موجودہ دور حکومت کی کرپشن کو بھی بے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، وفاقی وزیر ریلوے اعظم سواتی کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کے دورے کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

کووڈ ویکسینیشن کے عمل کو تیز کیا جائے، مطہر نیاز رانا

کورونا وائرس ایک خطرناک وائرس ہے اور دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں ویکسینیشن کا عمل مکمل ہو چکا ہے

این سی او سی نے صوبے کو 31 دسمبر تک 44 لاکھ لوگوں کو ویکسین لگانے کا ہدف دیا ہوا ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کی زیر صدارت صوبے میں کورونا ویکسینیشن کے عمل کو مزید تیز کرنے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں این سی او سی کے نمائندوں بریگیڈیئر ابرار، بریگیڈیئر ہمایوں، کرنل سبطین سمیت سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر عزیز احمد جمالی، سیکرٹری اطلاعات عمران خان، سیکرٹری کالجز بشیر احمد بنگلزئی، کمشنر کوئٹہ سہیل الرحمٰن بلوچ، ای او سی کے پروفیشنل کوآرڈینیٹر حمید اللہ ناصر، ای پی آئی کے صوبائی سربراہ ڈاکٹر اسحاق پانیزئی و دیگر نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان احساس راشن پروگرام کی مناسبت کے منعقد ہونے والے پروگرام کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت کا 2022 کو بطور نوجوانوں کا سال منانے کا اعلان

وزیراعظم عمران خان 6 دسمبر کو کامیاب جوان سپورٹس پروگرام کا افتتاح کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے 2022 کو بطور نوجوانوں کا سال منانے کا اعلان کردیا ہے، وزیراعظم عمران خان 6 دسمبر کو کامیاب جوان سپورٹس پروگرام کا افتتاح بھی کریں گے۔ کامیاب جوان سپورٹس پروگرام کے تحت آزاد

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گڈانی میں بھی حق دو تحریک کی حمایت میں گڈانی موڑ قومی شاہراہ پر احتجاجی دھرنا

گڈانی (آن لائن) گڈانی میں بھی صوبے بھر کی بلوچستان کو حق دو تحریک کی حمایت میں گڈانی موڑ قومی شاہراہ پر احتجاجی دھرنا دیا گیا ہے جس میں

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

طلباء اپنی ساری توجہ تعلیم کے حصول پر مرکوز رکھیں، قاسم سوری

آج کے دور میں صرف وہی قومیں ترقی کی منازل طے کر پائی ہیں جن کی نوجوانوں نسل تعلیم کے زیور سے بہرمند ہوئی ہیں

اگر آج ہم نے تعلیم کے شعبہ اور تعلیم کے حصول پر توجہ نہیں دی تو ہم دُنیا میں دیگر ترقی یافتہ ممالک کی صف سے نکل جائیں گے، ڈپٹی اسپیکر

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے نمل یونیورسٹی کوئٹہ کیمپس کا دورہ کیا انہوں نے یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ساری توجہ تعلیم کے حصول پر مرکوز رکھیں کیونکہ آج کے دور میں صرف وہی قومیں ترقی کی منازل طے کر پائی ہیں جن کی نوجوانوں نسل تعلیم کے زیور سے بہرمند ہوئی ہیں انہوں نے کہا ہے کہ اگر آج ہم نے تعلیم کے شعبہ اور تعلیم کے حصول پر توجہ نہیں دی تو ہم دُنیا میں دیگر ترقی یافتہ ممالک کی صف سے نکل جائیں گے لہذا ہمیں کوشش کرنی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس، دو روزہ وقفے کے بعد (آج) ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر 3 بجے ہوگا۔ اجلاس

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان پولیس میں بڑے پیمانے پر تبادلے

کوئٹہ (خ ن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق بلوچستان پولیس میں بڑے پیمانے پر تبادلے کئے گئے ڈی آئی جی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمہ خزانہ کو فعال بنانے کیلئے آفیسران کیساتھ ملکر کام کرینگے، نور محمد دمڑ

سمنگلی روڈ کوئٹہ پر پولیس وین پر فائرنگ کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں، صوبائی وزیر خزانہ

نئے قائد ایوان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی حکومت میں شامل صوبائی وزراء نے صوبے کی ترقی و خوشحالی اور صوبے کے عوام کو درپیش مسائل کو جنگی بنیادوں پر حل کرنے کا عزم کیا ہے

کوئٹہ (حریف ترین) صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ محکمہ خزانہ کے تمام برانچ کو فعال بنانے کیلئے وسائل میں رہتے ہوئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں محکمے کے آفیسران محکمہ کی فعالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر کے عوامی مسائل مسائل حل کرنے ہر توجہ دے تاکہ محکمہ خزانہ کے حوالے سے عوام کے جو بھی جائز مسائل ہے وہ بروقت حل ہوسکیں ہماری اولین ترجیحی عوامی مسائل کو بروقت حل کرنا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی آر اے آفس میں چیرمین بی آر اے پسند خان بلیدی کی بی آر اے کے متعلق تفصیلی بریفنگ کے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جیل میں قید تمام قیدی ہمارے معاشرے کا حصہ ہیں، ظہور آغا

قیدیوں کیلئے اصلاحی و فلاحی ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ جیل میں تمام قیدی ہمارے اپنے معاشرے کا حصہ ہیں ان کیلئے اصلاحی و فلاحی ماحول

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سردار یار محمد رند کی ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی سربراہ سردار یار محمد رند کی ڈپٹی اسپیکر صوبائی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سردار یار محمد رند سے سینیٹر انوار الحق کاکڑ کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی سربراہ سردار یار محمد رند سے سینیٹر انوار الحق

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی محتسب بلوچستان کا ازخود نوٹس

سول ہسپتال قلات میں 6 3 ڈاکٹر تعینات کر دیئے گئے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان کے ازخود نوٹس (سوموٹو) پر سول ہسپتال قلات میں 36 ڈاکٹر تعینات کر دیئے گئے۔ صوبائی محتسب

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

متحدہ اپوزیشن کا پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی کی 'ان۔کیمرہ' بریفنگ کے بائیکاٹ کا فیصلہ

حکومت پارلیمان کو ربر سٹیمپ کے طور پر استعمال کرنے کا وطیرہ اپنائے ہوئے ہے، مشترکہ اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ میں موجودہ متحدہ اپوزیشن نے باہمی مشاورت اور غور و خوض کے بعد حکومت کی جانب سے بلائی جانے والی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اومی کرون گزشتہ تمام اقسام سے زیادہ مہلک ہے، بابہ بلیدی

کووڈ 19 کا شکار رہ کر صحت یاب ہونیوالے افراد بھی اس وریئنٹ سے متاثر ہوسکتے ہیں، چیئرپرسن ویمن پارلیمنٹرین فورم

"اومی کرون" پھیلاو کے پیش نظر یورپی یونین سمیت امریکہ کینڈا اور روس نے متاثرہ علاقہ جات سے لوگوں کی آمد و رفت پر پابندی عائد کردی ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اسمبلی میں ویمن پارلیمنٹرین فورم کی چیئرپرسن ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی نئی قسم "اومی کرون" گزشتہ تمام اقسام سے زیادہ مہلک ہے اور کووڈ 19 کا شکار رہ کر صحت یاب ہونے والے افراد بھی اس وریئنٹ سے متاثر ہوسکتے ہیں ریڈیو پاکستان کے کرنٹ افیئر پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ تیزی سے پھیلنے والے اس نئے وائرس کو بھارتی ڈیلٹا وریئنٹ کی کیٹگری میں شامل رکھا گیا ہے اس وائرس کے پھیلاو کے پیش نظر یورپی یونین سمیت امریکہ کینڈا

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پائلٹس کے جعلی لائسنس کے معاملہ پر پاکستان نے برطانیہ کی خدمات حاصل کرلیں

پاکستان سول ایوی ایشن اور یو کے سول ایوی ایشن انٹرنیشنل کے درمیان معاہدہ طے پا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پائلٹس کے جعلی لائسنس کے معاملہ پر پاکستان نے برطانیہ کی خدمات حاصل کرلیں۔ جمعرات کو حکام کے مطابق پائلٹس کے امتحانات کو آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کیا گیا، پاکستان سول ایوی ایشن نے برطانوی سول ایوی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سردار صالح بھوتانی سے ملک نصیر شاہوانی، اختر حسین لانگو، اکبر بلوچ کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی سے جمعرات کو بلوچستان نیشنل پارٹی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ سے کراچی لائی گئی منشیات کی بڑی کھیپ پکڑی گئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے شاہ لطیف ٹاؤن سے پولیس نے کارروائی کے دوران کوئٹہ سے لائی جانے والی منشیات کی بڑی کھیپ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان ریلویز کے پاس بہت سی قیمتی زمینیں ہیں، گورنر بلوچستان

ریلوے کی قیمتی اراضی لیز اوٹ کرنے کے تحت توسیع، بحالی اور اپ گریڈیشن مفاد خلق کے حق میں ایک دانشمندانہ فیصلہ ہے، وفاقی وزیر ریلوے سے گفتگو

صوبے کے دور افتادہ اضلاع کو ترقی دینے اور اجتماعی مسائل حل کرنے کے حوالے سے سبی ہرنائی ریلوے ٹریک کی بحالی کا کام یقیناً موجودہ حکومت کی عوام دوستی کا بڑا ثبوت ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان کے ویژن کے مطابق پورے ملک میں ریلوے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے، صوبہ بھر کے عوام کو ریلوے کی سفری سہولیات فراہم کرنے، سبی ہرنائی ریلوے ٹریک کو جلد بحال کرنے اور کوئٹہ ٹو چمن ٹرین کو روزانہ کی بنیاد پر چلانے سے ایک نیا معاشی انقلاب برپا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی کے ساتھ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے وفاقی وزیر ریلوے کے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

متحدہ اپوزیشن کا پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی کی 'ان۔کیمرہ' بریفنگ کے بائیکاٹ کا فیصلہ

حکومت پارلیمان کو ربر سٹیمپ کے طور پر استعمال کرنے کا وطیرہ اپنائے ہوئے ہے، مشترکہ اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ میں موجودہ متحدہ اپوزیشن نے باہمی مشاورت اور غور و خوض کے بعد حکومت کی جانب سے بلائی جانے والی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خصوصی صلاحیتوں کے حامل افراد ہماری توجہ کے محتاج نہیں، بلاول

خصوصی اہلیت کے حامل 30 لاکھ سے زائد افراد کے حقوق، صحت، تعلیم، اور روزگار کے معاملے پر اب سب کو ایک پیج پر آنا ہوگا

خصوصی اہلیت کے حامل افراد کی صلاحیتوں کو قومی ترقی میں شامل کرنے کے باب میں پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ ذمیدارانہ سوچ اور عزم سے سرشار رہی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وقت آ گیا ہے کہ ریاست اب ان تمام عذر و بہانوں کی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، یار محمد رند اور ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی بابر موسیٰ خیل رکن صوبائی اسمبلی میر عارف محمد حسنی سے ملاقات کر رہے ہیں

ایف بی آر نے ملک بھر کے شہروں میں جائیدادوں کی نئی قیمتوں کا تعین کرلیا

38 بڑے شہروں کیلئے جائیداد کی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری، قیمتوں میں اوسطاً 10 سے 15 فیصد

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لڑکیوں کی دبئی اسمگلنگ میں ملوث خاتون کا نام ای سی ایل میں ڈالنے کا حکم

کیا ہماری ریاست اتنی کمزور ہے دبئی سے بچیوں کو نہیں لاسکتی، سپریم کورٹ کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے لڑکیوں

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور کا ضمنی الیکشن ہماری زندگی موت کا سوال ہے، پرویز اشرف

5 دسمبر کے روز ذمہ داری نہ نبھانے والوں سے کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ لاہور کا ضمنی الیکشن ہماری زندگی موت کا سوال ہے، الیکشن کے روز الیکشن سنبھالنا ہی اصل کام ہے، 5 دسمبر کے روز ذمہ داری نہ نبھانے والوں سے کوئی کمپرومائز

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کرونا سے مزید 8 افراد چل بسے

مزید 377 کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کرونا سے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سوئی نادرن کے بعد سدرن نے بھی قیمت میں اضافے کی درخواست کردی

اسلام آباد (این این آئی) سوئی نادرن کے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجاب میں دھند اور سموگ کا قہر، صورت حال سنگین ہوگئی

شہر میں بھی سموگ کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا، بیماریاں بڑھنے لگیں

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت پنجاب بھر میں سموگ کے ساتھ ساتھ دھند نے صورتحال کو مزید سنگین کردیا جس کی وجہ سے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی اسپیکر نیشنل اسمبلی سوری نمل یونیورسٹی بلوچستان کے دورے کے موقع پر طلباء و طالبات میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

ووٹ کی تصدیق کے عمل کو آئین کے تحت دیکھنا ہوگا، سیکرٹری الیکشن کمیشن

عملی طور پر ان دونوں کو دیکھنا مشکل مرحلہ ہوگا، ایک لاکھ کے قریب پولنگ اسٹیشن ہونگے، عمر حمید کی قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اپوزیشن اصولی طور پر ٹیکنالوجی اور ای وی ایم کے خلاف نہیں ہے، اپوزیشن کے مطابق ای وی ایم استعمال کیلئے وقت کم ہے، وزیر مملکت علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید نے کہا ہے کہ بی وی ایم اور ای وی ایم دو ایشو ہیں، دو مختلف مشینیں ہیں، ووٹ، کی سیکریسی اور تصدیق کا عمل کو آئین اور قانون کے تحت دیکھنا ہوگا عملی طور پر ان دونوں کو دیکھنا مشکل مرحلہ ہوگا، ایک لاکھ کے قریب پولنگ اسٹیشن ہونگے جبکہ وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا ہے کہ اپوزیشن اصولی طور پر ٹیکنالوجی اور ای وی ایم کے خلاف نہیں ہے،

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر ظہور احمد آغا کا کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

اقوام متحدہ کے امن مشن میں شریک پاک فوج کے حوالدار شہید، فوجی اعزاز کیساتھ سپرد خاک

حوالدار شفیق فروری 2021 میں اقوام متحدہ کے مشن میں شامل ہوئے تھے، ترجمان پاک فوج

راولپنڈی (این این آئی) جمہوریہ وسطی افریقہ میں اقوام متحدہ کے امن مشن میں خدمات کی انجام دہی کے دوران پاک فوج کے جوان شہید ہوگئے۔ پاک

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

برکی، چالیس سالہ شخص نے مبینہ طور پر پنکھے سے جھول کر خودکشی کرلی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے سرحدی علاقہ برکی میں چالیس سالہ شخص نے مبینہ طور

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال، او پی ڈیز اور ان ڈور سروسز بند، مریض رل گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال کے باعث او پی ڈیز اور

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پیٹرول 5 سے 8 روپے سستا ہوسکتا تھا، شیری رحمٰن

حکومت فی لیٹر پیٹرول پر 27 روپے اور ڈیزل پر 33 روپے سے زائد ٹیکس وصول کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت فی لیٹر پیٹرول پر 27 روپے اور ڈیزل پر 33 روپے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ نے منی بجٹ کو مسترد کردیا

منی بجٹ پیش کرنے کے ساتھ مہنگائی کا خطرناک طوفان برپا ہوگا، حافظ حمد اللہ

موجودہ، سلیکٹیڈ، وزیراعظم عوام کا نہیں عالمی مالیاتی اداروں کا نمائندہ ہے، پی ڈی ایم ہر فورم پر حکومت کا ڈٹ مقابلہ کریگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ نے منی بجٹ کو مسترد کردیا۔ ترجمان پی ڈی ایم حافظ حمد اللہ نے کہا کہ منی بجٹ پیش کرنے کے ساتھ مہنگائی کا خطرناک طوفان برپا ہوگا۔ ترجمان پی ڈی ایم نے کہا کہ یہ منی بجٹ نہیں بلکہ ملکی معیشت کو آئی ایم ایف کے حوالے کرنے کی، سرینڈر ڈاکومنٹ، ہے، ملک اور قوم کو معاشی طور پر آءایم ایف کے ہاتھوں قتل کرنے کی دستاویز ہے، حافظ حمد اللہ نے کہا کہ منی بجٹ ملکی، قومی مفاد میں نہیں بلکہ آئی ایم ایف کے کہنے پر ان کے مفادات کی تحفظ کیلئے پیش کیا جارہا ہے،

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمہ ریلوے تباہی کے دہانے پر ہے، اعظم سواتی

بلوچستان کے منتخب نمائندے سڑکوں کی تعمیر پر سیاست کی بجائے ریلوے نظام کو بہتر بنا کر سیاست کریں

بلوچستان میں ریلوے کو پرائیویٹائز کرنے کیلئے جلد اقدامات شروع کردیئے جائینگے، وفاقی وزیر ریلوے

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد اعظم خان سواتی نے کہا ہے کہ محکمہ ریلوے تباہی کے دہانے پر ہے، بلوچستان میں ریلوے کو پرائیویٹائز کرنے کیلئے جلد اقدامات شروع کردیئے جائیں گے بلوچستان کے منتخب نمائندے سڑکوں کی تعمیر پر سیاست کی بجائے ریلوے نظام کو بہتر بنا کر سیاست کرے، بلوچستان کو 650 بلین روپے ملنے والے ہیں بزنس کمیونٹی صوبائی حکومت کی صوبے میں ریلوے نظام بہتری کے لئے توجہ مبذول کرائیں، بزنس کمیونٹی کو ریلوے اراضی لیز، کیش و دیگر پر دینے کو تیار ہیں مگر اس اراضی پر دکانیں اور

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

1

شاہزیب خانزادہ نے کہا کہ قانون سازی سے حکومت پاکستان میں آئی ایم ایف کی نیکس بگلکنر بن جاتی ہے، وفاقی حکومت کا کردار صفحہ آئی ایم ایف کے نیکس جمع کرنے تک محدود ہو کر رہ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت برداشت نہیں کر سکتا۔ مالیاتی ادارہ کنٹرول کرے گا ملکی بجٹ کا ڈاٹ کرتا طلبہ کیس گے، منظور نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود میں مفروضہ کی اطلاعات معیشت کی مزید تباہی کی خبریں، موجودہ حکومت جو دے رہی تھلیطیاں کررہی ہے جواس سے پہلے سال کی تعین۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک غلطی کو دوسری سنگین غلطی سے ٹھیک کرنے کی روش پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی پہلے ہی عوام کا جینا حرام کر چکی ہے، مہنگائی کا ناطوفان آگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ہر ماہ مہنگائی، بالکل ہی اپنے ریکارڈ توڑ رہی ہے، پٹرول 10 روپے مہنگا ہوا 360 روپے کو ہو گیا ہے، آٹے بجلی کے بعد بھی مسلسل مہنگا ہو رہا ہے، ایک سال میں 73 روپے، پٹرول 41 اور ڈیزل 37 فیصد مہنگا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمت میں کمی کے باوجود عوام کو ریلیف نہیں دیا جا رہا، انہوں نے کہا کہ آمدنی میں اضافہ وفاقی حکومت نے آمدنی کے اعادہ خاندان چھوٹے، نومبر میں آمدنیات 90 . 2 ارب ڈالر کے مقابلے میں آمدنیات 4 ارب ڈالر تباہی جاری ہیں جو ریکارڈ ہے ۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات میں اضافے کے کھوکھلی دعوے سچ ہیں تو پھر زرداری قیمت کیوں کنٹرول میں نہیں؟

2

شاہزیب خانزادہ نے زرعیہ متاثرہ بلوچستان خاتون کو خیمہ اور دیگر گھریلو سامان لئے گھر پہنچا کر متاثرہ خاتون کے حوالے کر دیا متاثرہ خاتون نے صوبائی وزیر جاتی وزیر محترمہ خان مراد اور ان کی اہلیہ کا شکریہ ادا کیا جنہوں نیوری طور پر اپنے نقصان کا ازالہ کر کے خیمہ اور دیگر اشیاء گھر پہنچا دیا۔

3

900 سے زائد پٹرول پمپ محرم آمدنا کو کی وجہ سے ان میں مشکلات درپیش ہیں اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایکسیئن آفیسر حفیظ اللہ گھوسہ ذی ڈی ای اوپیل خانزادی بلوچ مواشیش جمالی بشیر احمد مرغانی سیسے دیگر موجود تھے ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد نے یوسیف کے تعاون سے بنائے گئے پنجر ریسوس سٹلر کے بھی معائنہ کیا اور انہوں نے کہا کہ اسکول میں تعلیمی ماحول کے تمام چیزیں کو تعلیم کی جانب گامزن کرنے کے لئے استاد اپنا کردار ادا کریں اور بہتر تعلیمی ماحول کے لئے استاد اپنا کردار ادا کریں اور بہتر تعلیمی ماحول سے بچیوں کی نشوونما کریں تاکہ مستقبل میں پنجا کھلا معاشرہ تشکیل دیا جا سکے صوبائی حکومت تعلیم کے فروغ کے لئے تمام تر اقدامات کر رہی ہے اب استاد پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ حکومتی اقدامات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور مزید اسمبن انداز سے اپنا فرض منصبی سرانجام دیں انہوں نے کہا کہ جو اسکول انفلشن نہیں ہیں ان کی عمل بحالی اور درپیش مسائل کے تدارک کے لیے سرشل پلیٹرز سے مدد لی جائے گی اور اسکول کے بچوں کو درسی سامان کی فراہمی یقینی بنایا جائے گا تمام مسائل کی طلب پر ہوگی تمام اسکول کے بچوں کو درسی سامان کی فراہمی یقینی بنایا جائے گا تمام مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں انہوں نے کہا کہ ہم بچوں کو معیشتی فرائض سے ہرگز دور گردانی نہ کریں اور جو بھی اسکول سے غیر حاضر پایا گیا تو اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی ہم بچوں کو معیشتی کرسی کم کا سمجھنا قبول نہیں کریں گے جہاں کا جو بھی کام ہے اس کے ذمہ داری ہے انہیں وہ بہتر اقدامات کرنے میں جس سے تعلیمی ماحول میسر ہو سکے۔

4

بلوچستان کے کیچ میں تیار ہوں۔ جمہوریت میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آصف جمہوریت کا کہنا تھا کہ جمہوریت پیپلز پیوائٹ پیپلز پارٹی کا کیچ میں ہمیشہ اپنا ووٹ بینک رہا ہے، میر احمد لیکنٹ کم ہے۔ وفاقی وزیر کے بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کا کیچ کے دورے پر ہمیں خوشی ہے ہم کیچ کے عوام کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف ڈی اور ایف سی کا ایک ہی کام ہے کہ پیسہ کیسے اکٹھا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف ڈی اور ایف سی کا کام ہے کہ پیسہ کیسے اکٹھا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کیچ میں ایک ایڈوکیٹ کے طور پر کام کر رہے ہیں۔

5

ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ ویمن ڈویلپمنٹ بلیکہ آصف الرحمان کو ڈائریکٹر ویمن ڈویلپمنٹ تعینات کر دیا گیا۔

6

اسمبلی سے بھی بلاقاتیں کے حصے کو ضلع بنانے کے 47 اضافے اسمبلی سے اور کل کو ترکی اور ایران کی گزشتہ روز حلقے سے منتخب رکن صوبائی اسمبلی صوبائی وزیر خزانہ حاجی محمد خان مہر نے صوبائی اسمبلی میں سرداسود خان اوبل، ہی اے ضلع ہرنائی کے وزیر رہنما عبدالرحمن سرترین ایڈوکیٹ کے ہمراہ بجاؤ تحریک کے احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا اور ہرنائی بجاؤ تحریک کے عہدیداروں سے تفصیلی ملاقات کی صوبائی وزیر خزانہ حاجی محمد خان مہر نے ضلع ہرنائی کے تمام مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرتے ہوئے ہرنائی بجاؤ تحریک کے عہدیداروں کی جانب سے ہرنائی کے 47 مطالبات پر مشتمل مطالبات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ہرنائی بجاؤ تحریک کے جنوبی ہرنائی کے 26 نومبر کو دریا پل میر عبدالقدوس بزنجو نے دورہ ہرنائی کے موقع پر دریا پل کے ذریعہ ارتباط منقطع ہونے کا اعلان کیا ہے جس عمل دورہ کا اعلان کیا ہے جس پر عوام کے تحفظات ہیں ہرنائی بجاؤ تحریک کا قافلہ کو ہرنائی کے جانب سے مختلف مقامات پر تپاک استقبال اور ہار پہنائے گئے۔ امراز میں استقبالی تقریبات، صحرا میں دیا گیا ہرنائی پہنچنے پر پہاب ہرنائی پریا اے ہرنائی اری

7

اور دمہ دراز انداز میں اپنی خدمات سرانجام دے رہا تھا ہماری کوشش ہے کہ یہ دمہ داریاں تسلسل کے ساتھ اسی طرح جاری رکھیں اور ہم انہوں کو کوئی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ خزانہ آفس خضدار کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے خزانہ آفس میں اسٹاف سے ملاقات میں انہوں نے کام کو پیک کیا اور خزانہ آفس خضدار کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سینئر خزانہ آفیسر خضدار مظہر چگلی، ایس ٹی او ڈی جی خزانہ بلوچستان عبدالقدیر، منیر احمد اعوان شعیب احمد علی احمد اور عامر علی موجود تھے ۔ جہاں سینئر خزانہ آفیسر خضدار مظہر چگلی نے ڈی جی خزانہ بلوچستان عبدالخالق مندنیل کو خضدار میں خزانہ آفس کے امور کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈی جی خزانہ بلوچستان عبدالخالق مندنیل کا کہنا تھا کہ خضدار سمیت پورے بلوچستان میں محکمہ خزانہ کے اسٹاف کو تمام تر مدایات دی گئی ہیں کہ وہ اپنی ذمہ داریاں خدمت سمجھ کر نبھائیں اور شہریوں کے جائز کام بروقت اور فوری کیئے جائیں تاکہ انہیں کوئی تکلیف نہ پہنچے اور پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اس سلسلے میں خزانہ آفس کا عملہ اپنا کام احسن انداز میں سرانجام دے رہا ہے۔

8

حوالے سے آگاہی فراہم کی انہوں نے بتایا کہ 900 سے زائد پٹرول پمپ محرم آمدنا کو کی وجہ سے ان میں مشکلات درپیش ہیں اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایکسیئن آفیسر حفیظ اللہ گھوسہ ذی ڈی ای اوپیل خانزادی بلوچ مواشیش جمالی بشیر احمد مرغانی سیسے دیگر موجود تھے ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد نے یوسیف کے تعاون سے بنائے گئے پنجر ریسوس سٹلر کے بھی معائنہ کیا اور انہوں نے کہا کہ اسکول میں تعلیمی ماحول کے تمام چیزیں کو تعلیم کی جانب گامزن کرنے کے لئے استاد اپنا کردار ادا کریں اور بہتر تعلیمی ماحول سے بچیوں کی نشوونما کریں تاکہ مستقبل میں پنجا کھلا معاشرہ تشکیل دیا جا سکے صوبائی حکومت تعلیم کے فروغ کے لئے تمام تر اقدامات کر رہی ہے اب استاد پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ حکومتی اقدامات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور مزید اسمبن انداز سے اپنا فرض منصبی سرانجام دیں انہوں نے کہا کہ جو اسکول انفلشن نہیں ہیں ان کی عمل بحالی اور درپیش مسائل کے تدارک کے لیے سرشل پلیٹرز سے مدد لی جائے گی اور اسکول کے بچوں کو درسی سامان کی فراہمی یقینی بنایا جائے گا تمام مسائل کی طلب پر ہوگی تمام اسکول کے بچوں کو درسی سامان کی فراہمی یقینی بنایا جائے گا تمام مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں انہوں نے کہا کہ ہم بچوں کو معیشتی فرائض سے ہرگز دور گردانی نہ کریں اور جو بھی اسکول سے غیر حاضر پایا گیا تو اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی ہم بچوں کو معیشتی کرسی کم کا سمجھنا قبول نہیں کریں گے جہاں کا جو بھی کام ہے اس کے ذمہ داری ہے انہیں وہ بہتر اقدامات کرنے میں جس سے تعلیمی ماحول میسر ہو سکے۔

9

تو چیئرمین پیپلز پارٹی کا جلسہ روک کر دکھاتے جمود خان کان کھول کر سن لے شیر پختونخوا میں جیالے پیپلز پارٹی کی قیادت پر تنقید کرکے محو خواب ہیں ہم جیالے ہیں۔ تفصیل کیلئے کہنا کہ ہم پیپلز پارٹی کی قیادت پر تنقید کرکے محو خواب ہیں ہم جیالے ہیں۔ تفصیل کیلئے کہنا کہ ہم پیپلز پارٹی کی قیادت پر تنقید کرکے محو خواب ہیں ہم جیالے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز جمعہ 03 دسمبر 2021ء

دوحہ مذاکرات، طالبان کا اثاثے غیر منجمد

امریکی وفد نے طالبان کی جانب سے اپنے عوامی عہد کو پورا کرنے کی اہمیت پر زور دیا کہ وہ افغانستان کی سرزمین سے کسی کو بھی کسی ملک کے لیے خطرہ بننے کی اجازت نہیں دیں گے، امریکہ کا زور

افغان فریق نے انہیں سیکیورٹی کے بارے میں یقین دہانی کرائی، افغان ذخائر کو فوری طور پر غیر مشروط طور پر منجمد کرنے، پابندیوں اور بلیک لسٹوں کے خاتمے اور انسانی ہمدردی کے مسائل کو سیاسی تحفظات سے منقطع کرنے پر زور دیا

واشنگٹن (این این آئی) رواں ہفتے قطر میں ہونے والے مذاکرات میں امریکا نے طالبان پر زور دیا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ افغانستان کی سرزمین مستقبل میں دہشت گرد حملوں کے لیے استعمال نہیں ہوگی جبکہ طالبان نے افغان ریاست کے اثاثوں کو منجمد کرنے اور امریکی پابندیاں ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ نے کہا کہ مذاکرات میں امریکی وفد میں محکمہ خارجہ، ٹریژری، یو ایس ایڈ اور انٹیلی جنس کمیونٹی کے نمائندے شامل تھے جبکہ طالبان کے وفد میں ان کی عبوری حکومت کے سینئر اہلکار اور 'پروفیشنل ٹیکنو کریٹ' شامل تھے۔ واشنگٹن میں جاری ہونے والے سرکاری امریکی بیان میں کہا گیا کہ بات چیت امریکی قومی مفادات کو برقرار رکھنے پر مرکوز تھی اور یہ مصروفیت امریکی اتحادیوں اور شراکت داروں کے ساتھ مل کر افغانستان پر عملی سفارت کاری کا تسلسل ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نیڈ پرائس نے صحافیوں کو بتایا کہ امریکی وفد نے طالبان کی جانب سے اپنے عوامی عہد کو پورا کرنے کی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

طالبان سے جھڑپ غلط فہمی کا نتیجہ تھی، ایران کی وضاحت

تہران (این این آئی) ایران نے کہا ہے کہ طالبان اور ایران کی فورسز میں سرحدی جھڑپ غلط فہمی نتیجے میں ہوئی۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان سعید خطیب زادے کا کہنا تھا کہ افغانستان کے سرحدی علاقوں کے رہائشیوں کی نقل و حرکت سے غلط فہمی ہوئی اور سرحد پر فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اب سرحد پر معمول کے مطابق ہیں۔ ایران اور افغانستان کی سرحد پر گزشتہ روز جھڑپ ہوئی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طالبان نے ایرانی شہریوں کی جانب سے مبینہ طور پر سرحد پار کر کے افغان علاقے میں آنے پر فائرنگ کی جوابی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا ویکسینیشن نہ کرانا نئی اقسام کی پیدائش کا سبب ہیں، عالمی ادارہ صحت

پوری دنیا اس بات کو یقینی بنائے کہ سب سے پہلے کمزور افراد کو ویکسین لگائی جائے، سربراہ کا بیان

اگر دنیا کے وہ ممالک جو ڈیلٹا کو روکنے کیلئے مناسب بندوبست نہیں کر رہے ہیں تو وہ اومی کرون کو بھی نہیں روک سکیں گے

جنیوا (این این آئی) عالمی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے ویکسین نہ لگوانا اور کم ٹمیٹ کرانا نئی اقسام کی پیدائش کا بنیادی سبب ہیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق عالمی ادارہ صحت کے سربراہ ڈاکٹر تیدروس ایڈہانوم نے واضح طور پر کہا کہ ڈیلٹا کو روکنے سے اومی کرون کو بھی روکنے میں مدد ملے گی۔ عالمی ادارہ صحت کے سربراہ نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر دنیا کے وہ ممالک جو ڈیلٹا کو روکنے کیلئے مناسب بندوبست نہیں کر رہے ہیں تو وہ اومی کرون کو بھی نہیں روک سکیں گے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ نظام صحت کو مضبوط

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ہرنائی، بچاؤ تحریک کا قافلہ ہرنائی پہنچنے پر بی اے پی اربن کے جنرل سیکرٹری شیر باز ترین استقبال کے بعد جلوس کی شکل میں باچا خان چوک پر منعقدہ تقریب میں شرکت کیلئے پہنچے

روس کا امریکی سفارتی عملے کو ملک سے نکلنے کا حکم

ہم جس طرح کا عمل ہوگا، اسی طرح جواب دیں گے، روسی وزارت خارجہ

امریکا نے اپنے ملک میں موجود روس کے 27 سفیروں اور ان کے اہلخانہ کو ملک سے نکال دیا ہے

ماسکو (این این آئی) روس اور امریکی حکام کے درمیان اہم ملاقات سے ایک دن قبل دونوں ملکوں کے درمیان تناؤ ایک مرتبہ پھر شدت اختیار کر گیا ہے اور روس نے امریکی سفیروں کو اپنے ملک سے نکلنے کا حکم دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق روسی وزیر خارجہ ماریا زخارووا نے ماسکو میں تین سال سے موجود امریکی عملے کو 31 جنوری تک ملک سے نکل جانے کا حکم دیا ہے۔ روس کا یہ عمل انتقامی کارروائی محسوس ہوتا ہے کہ کیونکہ گزشتہ ہفتے امریکا میں روسی سفیر نے انکشاف کیا تھا کہ امریکا نے اپنے ملک میں موجود روس کے 27 سفیروں اور ان کے اہلخانہ

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ویمن پارلیمنٹرین فورم کی چیئرپرسن ڈاکٹر ربابہ بلیدی ریڈیو پاکستان کے کرنٹ افیئر پروگرام میں اظہار خیال کر رہی ہیں

کووڈ انفیکشن کی وجہ سے کلاٹس بننے کا زیادہ امکان ہوتا ہے، سائنسدان

برطانیہ کی تیار کردہ ایسٹرازینیکا کی ویکسین ان ویکسینوں میں سے ایک ہے جس کی منظوری عالمی ادارہ صحت نے دی ہے

امریکا کا مستقبل میں حملے نہ کرنے کا مطالبہ، ایسٹرازینیکا سے خون کیوں جمتا ہے؟ امریکی ماہرین نے بلڈ کلاٹنگ کرنے والا محرک ویکسین میں تلاش کر لیا

نیویارک (این این آئی) سائنس دانوں نے دعوی کیا ہے کہ خون میں موجود پروٹین ویکسین کے ایک اہم جز کی طرف راغب ہوتا ہے اس سے مدافعتی نظام میں تبدیلیاں آتی ہیں اور خون میں لوتھڑے بننے کا خطرناک عمل شروع ہو جاتا ہے۔ ٹیم کے ابتدائی نتائج شائع ہونے کے بعد ایسٹرازینیکا کے اپنے سائنسدان بھی اس تحقیقی منصوبے میں شامل ہوئے۔ تاہم ترجمان نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ویکسین کے مقابلے کو وڈ انفیکشن کی وجہ سے کلاٹس بننے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ ریسرچ کو ابھی حتمی شکل نہیں دی گئی۔ مختلف ممالک میں بلڈ کلاٹنگ کے کئی واقعات رپورٹ ہونے کے بعد کورونا کی متبادل ویکسین لگانے کا مشورہ دیا جاچکا ہے۔ برطانیہ کی تیار کردہ ایسٹرازینیکا کی ویکسین ان ویکسینوں میں سے ایک ہے جس کی منظوری عالمی ادارہ صحت نے دی ہے۔ عالمی وبا قرار دیئے جانے والے کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے تیار کردہ برطانوی ویکسین کے استعمال کے نتیجے میں چند ممالک کے اندر خون جمنے کے واقعات رپورٹ

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مستقبل میں وباؤں سے نمٹنے کیلئے بین الاقوامی میثاق تربیت دینے پر اتفاق

نئے میثاق کے جزیات پر ابھی اختلاف رائے موجود ہے کہ کیا چیز شامل ہونی چاہیے، سربراہ عالمی ادارہ صحت

تمام رکن ممالک سے ایک درخواست ہے کہ اس وبا کا خاتمہ کریں، صرف پچھلے ہفتے میں اس وائرس نے ثابت کیا ہے

نیویارک (این این آئی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے رکن ممالک نے مستقبل میں وباؤں سے نمٹنے اور کووڈ-19 کے دوبارہ جنم نہ لینے کو یقینی بنانے کے لیے نیا بین الاقوامی میثاق تیار کرنے پر اتفاق کر لیا۔ عالمی میڈیا کے مطابق جنیوا میں عالمی ادارہ صحت کا ایک خصوصی اجلاس ہوا جہاں وباؤں سے نمٹنے کے لیے نیا میثاق بنانے پر اتفاق کر لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ کورونا وائرس کے بحران کے دوران معاشی ابتری اور لاکھوں جانوں کے ضیاع کے باعث مستقبل میں اس طرح کے بحران سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی سطح پر مضبوط دفاعی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی سربراہ یار محمد رند سے سینیٹر انوار الحق کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

طیب اردوان نے وزیر خزانہ کو عہدے سے ہٹا دیا

نائب وزیر خزانہ نیئر الدین نباتی کو نیا وزیر خزانہ مقرر کر دیا گیا

انقرہ (این این آئی) ترک صدر طیب اردوان نے ملک کی خراب معاشی صورتحال پر وزیر خزانہ کو عہدے سے ہٹا دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ترکی میں بڑھتی مہنگائی، کرنسی کی قدر میں مسلسل کمی اور خراب معاشی صورتحال پر ترک صدر نے وزیر خزانہ کو عہدے سے ہٹایا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رواں سال اب تک ترکی کی کرنسی کی قدر میں ڈالر

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یو اے ای، ڈرون ڈلیوری کی بہترین سروس فراہم کرنے کا نیا ریکارڈ بن گیا

ہم نے پہلے ہی دو گنیز ورلڈ ریکارڈ توڑ دیئے ہیں، احمد المزروعی، عبداللہ ابو شیخ

دبئی (این این آئی) سمارٹ موبیلیٹی سلوشنز کمپنی برق ای وی نے 13.584 کلومیٹر فاصلے تک ڈرون کے ذریعے ڈلیوری سروس فراہم کر کے گنیز ورلڈ کے دو ریکارڈ توڑ ڈالے۔ ڈرون نے واپسی کے لیے 18.065 کلومیٹر تک پرواز کی جو کسی بھی ڈرون کی جانب سے طے کردہ طویل فاصلہ ہے۔ کمپنی کی جانب سے جاری کردہ ایک پریس

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مکمل لاک ڈاؤن کا کوئی امکان نہیں، سعودی عرب

ویکسین نہ ہونے کے باعث کورونا کے آغاز پر خدشات بہت زیادہ تھے، ترجمان سعودی وزارت صحت

جدہ (آن لائن) سعودی عرب نے کہا ہے کہ اومی کرون کا کیس ریکارڈ پر آنے سے مکمل لاک ڈاؤن کا کوئی امکان نہیں ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان سعودی وزارت صحت نے کہا ہے کہ کورونا کے آغاز پر خدشات بہت زیادہ تھے، ویکسین نہیں تھی، تاہم ابھی تک سعودی عرب میں 22 ملین سے زیادہ افراد نے ویکسین کی دونوں

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دفعہ 370 کے خاتمے کے بعد اب کشمیریوں سے انکی زمینیں چھینی جا رہی ہیں، عمر عبداللہ

نیشنل کانفرنس 370 اور 35 اے کی دفعات کی بحالی کی لڑائی میں کبھی بھی پیچھے نہیں ہٹے

سرینگر (آن لائن) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ دفعہ 370 کے خاتمے کے بعد

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانوی کمپنی کا اومی کرون کیخلاف دوا سامنے لانے کا دعویٰ

لندن (این این آئی) برطانیہ کی دوا بنانے والی کمپنی گلیکسو اسمتھ کلائن (جی ایس کے) نے کہا ہے کہ امریکی دواساز کمپنی ویر کی اینٹی باڈی دوا اومی کرون ویرینٹ کے خلاف کام کرتی ہے۔ جی ایس کے کے مطابق امریکی کمپنی ویر کے ساتھ اینٹی باڈی پر

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نئی دہلی میں شدید فضائی آلودگی کے باعث (آج) سے اسکول تاحکم ثانی بند رہیں گے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے دارالحکومت نئی دہلی میں شدید فضائی آلودگی کے باعث (آج) جمعہ سے اسکول تاحکم ثانی بند رہیں گے۔ بھارتی وزیر ماحولیات گوپال رائے کے مطابق ایئر کوالٹی بہتر ہونے کی پیش گوئی کے بعد

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نائیجیریا میں کشتی الٹنے سے مرنے والوں کی تعداد 29 ہوگئی

ابوجا (این این آئی) نائیجیریا میں کشتی الٹنے کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 29 تک ہوگئی۔ ترک میڈیا کے مطابق صوبہ کانو میں 42 افراد کی گنجائش کی حامل کشتی پر 50 سے زیادہ تعداد میں مسافر سوار تھے جن میں زیادہ تر مدرسے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران کا ایٹم بم بنانے کا خواب پورا نہیں ہونے دیں گے، اسرائیل

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی فضائیہ کے کمانڈر امیکم نورکن نے کہا ہے کہ ایران کا

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانیہ میں 20 سالہ لڑکی نے انوکھا مقدمہ جیت لیا

مقدمہ جیتنے کے بعد ایوی ہرجانے کی مد میں لاکھوں پاؤنڈ حاصل کر سکے گی

لندن (این این آئی) برطانیہ میں انوکھے مقدمے میں لنکن شائر کی 20 سالہ لڑکی نے اپنی پیدائش سے متعلق ڈاکٹر کے خلاف مقدمہ جیت لیا۔ پیدائشی طور پر ریڑھ کی ہڈی کے عارضے اسپنا بفیڈا کا شکار 20 سالہ ایوی ٹومیز نے اپنی والدہ کے اس ڈاکٹر کے خلاف مقدمہ دائر کیا تھا جس نے حمل کے وقت اس کی ماں کو ایک ایسی دوا نہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شمالی کوریا کا میزائل، ہتھیار پروگرام علاقائی سلامتی متاثر کر رہا ہے، امریکی وزیر دفاع

چین کی جانب سے جولائی میں کئے گئے ہائپرسونک ٹیسٹ نے امریکی فوج کے لیے ایک مشکل چیلنج بنا دیا ہے، گفتگو

نیویارک (این این آئی) امریکا کے وزیر دفاع لائیڈ آسٹن نے کہا ہے کہ شمالی کوریا کا میزائل اور ہتھیاروں سے متعلق پروگرام علاقائی سلامتی کو عدم استحکام کا شکار کر رہا ہے۔ امریکی وزیر دفاع گزشتہ روز جنوبی کوریا کے دورے پر سیول پہنچے ہیں جہاں انہوں نے جنوبی کوریا کے ہم منصب سے ملاقات کی۔ ملاقات کے بعد پریس کانفرنس میں امریکی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

منشیات کیس؛ شاہ رخ خان کو جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا، بھارتی وزیر

آریان خان کو 28 اکتوبر کو منشیات کیس میں بومبے ہائی کورٹ سے ضمانت ملی تھی

ممبئی (این این آئی) بھارتی ریاست مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بینرجی نے کہا ہے کہ شاہ رخ خان کو شوبز انڈسٹری کے دیگر افراد کی طرح جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ممتا بینرجی نے بیان ممبئی میں اپنے تین روزہ دورے کے دوران ایک عوامی پلیٹ فارم پر دیتے ہوئے کہا کہ میں جانتی ہوں مہیش بھٹ کو نشانہ بنایا گیا، شاہ رخ

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

معاہدہ بچانے کیلئے مذاکرات کے باوجود ایران جوہری پیش رفت کر رہا ہے، عالمی ادارہ

ایران بات چیت میں فائدہ حاصل کرنے کے لیے زمینی حقائق پیدا کر رہا ہے، مغربی مذاکرات

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے ایٹمی نگران ادارے نے خبردار کیا ہے کہ ایران نے ایک پہاڑ میں کھودے گئے فورڈو پلانٹ میں زیادہ مؤثر جدید سینٹری فیوجز کے ساتھ یورینیم کی افزودگی کی پیداوار شروع کر دی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق انٹرنیشنل اکٹامک انرجی ایجنسی کے مطابق امریکا اور ایران کے مابین 2015 کے منسوخ شدہ جوہری

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فرانس میں بھی اومی کرون کا کیس رپورٹ ہوگیا

پیرس (این این آئی) فرانس کے دارالحکومت پیرس میں عالمی وباء کورونا وائرس کی نئی قسم اومی کرون کا کیس رپورٹ ہوگیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اومی کرون ویرینٹ سے متاثر شخص نائجیریا سے واپس آیا تھا۔ یورپی یونین پبلک ہیلتھ ایجنسی کے سربراہ

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی شہری 'نیوم' میں فضائی ٹیکسیاں چلانے کے لیے جرمن کمپنی کے ساتھ معاہدہ طے پا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی شہری 'نیوم' میں فضائی ٹیکسیاں چلانے کے لیے جرمن کمپنی کے ساتھ معاہدہ طے پا گیا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق مملکت میں نیوم سٹی کے نام سے جدید ترین شہر بسایا جا رہا ہے، جہاں کی فضاؤں میں ڈرون کی طرز پر ہوائی ٹیکسیاں بھی نظر آئیں گی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ وولوکاپٹر نامی جرمنی کمپنی کا نیوم سٹی سے معاہدہ

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

خضدار، ڈی جی خزانہ بلوچستان عبدالخالق مندوخیل پر خزانہ آفس کے عملے سے بات چیت کر رہے ہیں

امریکی ریاست مشی گن کے ہائی سکول میں 4 طالبعلموں کے قتل

7 کو زخمی کرنے کے الزام میں 15 سالہ طالبعلم پر فرد جرم عائد

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست مشی گن کے ایک ہائی سکول میں 4 ساتھیوں کے قتل اور 7 کو زخمی کرنے کے الزام میں 15 سالہ طالب علم پر فرد جرم عائد کی گئی ہے۔ چینی ذرائع ابلاغ نے آکلینڈ کاؤنٹی کے پراسیکیوٹر کیرن ڈی میکڈونلڈ کی نیوز کانفرنس کے حوالے سے بتایا کہ آکسفورڈ ہائی سکول کے نگرانی کیمروں کی ایک ویڈیو میں استھن

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان ظہور آغا کوئٹہ ڈسٹرکٹ جیل کے دورے کے موقع پر جیل کے مختلف حصوں کا معائنہ کر رہے ہیں

اومی کرون امریکہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات تک پہنچ گیا

جنوبی افریقہ سے کیلی فورنیا آنیوالے ویکسین شدہ مسافر میں اومی کرون کی ہلکی علامات پائی گئیں، اب وہ صحت یاب ہو رہا ہے

سعودیہ اور دبئی میں اومی کرون ویرینٹ کے پہلے کیسز ریکارڈ کئے گئے، خلیج اس نئے ویرینٹ سے متاثر ہونے والا نیا خطہ بن گیا

نیویارک/ریاض/ابوظہبی (این این آئی) امریکہ میں کورونا وائرس کے نئے ویرینٹ اومی کرون کا پہلا کیس سامنے آیا ہے۔ جنوبی افریقہ سے کیلی فورنیا آنے والے ایک مکمل طور پر ویکسین شدہ مسافر میں اومی کرون کی ہلکی علامات پائی گئیں لیکن اب وہ صحت یاب ہو رہا ہے۔ امریکی متعدی امراض کے ماہر انتھونی فوکی نے زور دیا ہے کہ مکمل طور پر ویکسین شدہ بالغ افراد کو ویکسین کی ایک بوسٹر خوراک لینی چاہیے جب وہ خود کو بہترین ممکنہ تحفظ فراہم کرنے کے اہل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کے ڈیلٹا ویرینٹ جیسے ویرینٹس کے ساتھ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر بلدیات محمد صالح بھوتانی سے بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر شاہوانی، اختر لانگو، اکبر مینگل اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب میں چند ماہ میں 4 لاکھ آن لائن سیاحتی ویزے جاری

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر سیاحت احمد الخطیب نے کہا ہے کہ گذشتہ مہینوں کے دوران 4 لاکھ آن لائن سیاحتی ویزے جاری کیے گئے۔ عالمی تنظیم سیاحت کی جنرل اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی عرب سیاحت کے شعبے کے تحفظ کے لیے دنیا بھر کے سیاحتی اداروں کے ساتھ تعاون کی پالیسی پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیا وائرس اومیکرون

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عالمی بینک کی افغانستان کیلئے منجمد امدادی رقم جاری کرنے کی حمایت

عالمی فوڈ پروگرام اور چلڈرن فنڈ (یونیسف) کو منجمد فنڈز سے 28 کروڑ ڈالر کی رقم جاری کی جائیگی

نیویارک (این این آئی) عالمی بینک کے بورڈ نے منجمد ٹرسٹ فنڈ میں سے افغانستان کے لیے 28 کروڑ ڈالر کی امدادی رقم جاری کرنے کی حمایت کر دی ہے۔ خبر رساں ادارے روئٹرز کے مطابق افغانستان میں انسانی بحران سے نمٹنے کے لیے عالمی بینک نے یہ رقم دو امدادی اداروں کو جاری کرنے کی حمایت کی ہے۔ روئٹرز نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے عالمی فوڈ پروگرام اور چلڈرن فنڈ (یونیسف) کو منجمد فنڈز سے 28 کروڑ ڈالر کی رقم جاری کی جائے گی تاہم اس کے لیے عالمی بینک کے افغانستان کی تعمیر نو کے لیے ٹرسٹ فنڈ (اے آر ٹی ایف) سے منسلک 31 ڈونرز کے جانب سے منظوری کی ضرورت ہے۔ عالمی بینک کے بورڈ ممبران کا اجلاس منگل کو منعقد ہوا تھا جس میں 1.5 ارب ڈالر کے ٹرسٹ فنڈ میں سے 50

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

وائرس کی کوئی سرحد نہیں ہوتی سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ

مخصوص ملکوں اور خطوں کو ہدف بنا کر سفری پابندیاں عائد کرنا غیر منصفانہ ہے

عالمی ادارہ صحت نے جنوبی افریقا سے سامنے آنے والی نئی قسم کو 'اومی کرون' کا نام دیا ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انٹونیو گوٹریس نے کہا ہے کہ وائرس کی کوئی سرحد نہیں ہوتی، کورونا وائرس کی نئی قسم اومی کرون کی بنیاد پر مخصوص ملکوں اور خطوں کو ہدف بنا کر سفری پابندیاں عائد کرنا غیر منصفانہ اور غیر موثر ہے۔ ایک بیان میں انٹونیو گوٹریس نے کہا کہ جن ملکوں نے نئے وائرس کی اطلاع دی ان کے خلاف پابندیاں لگا کر انہیں سزا نہیں دینی چاہیے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا یہ بھی کہنا تھا کہ وائرس کو پھیلنے سے روکنے کا واحد راستہ مسافروں کی ٹیسٹنگ کے لیے مناسب اور موثر اقدامات کرنا ہے۔ خیال رہے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

تل ابیب پہلی مرتبہ دنیا کا مہنگا ترین شہر بن گیا

پیرس اور سنگاپور ایک ساتھ دوسرے مقام پر جبکہ نیویارک سٹی چھٹی پوزیشن پر ہے

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی شہر تل ابیب نے مہنگا ہونے کے اعتبار سے پیرس کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ پیرس اور سنگاپور ایک ساتھ دوسرے مقام پر ہیں۔ 2020 کے مقابلے میں اسرائیل کے شہر تل ابیب نے پانچ درجے اوپر کی جانب پہنچ کر دنیا کا مہنگا ترین شہر ہونے کا درجہ حاصل کیا۔ سن 2020 میں مہنگے ترین شہر کی پہلی پوزیشن پر تین شہر براجمان

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

آسٹریلیا کو غیر مستحکم کرنے کے لیے چین کی اقتصادی جنگ، امریکہ متحرک

ان میں کوئلہ، تانبے کی دھاتیں، کپاس، چینی، گائے کا گوشت اور اناج شامل ہیں

بیجنگ /واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن کے اعلیٰ پیسفک سفارت کار نے چین پر آسٹریلیا کو متعدد پابندیاں لگا کر غیر مستحکم کرنے کا الزام لگایا ہے۔ امریکہ بھی اس حوالے سے متحرک ہو گیا ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق تجربہ کار سفارتکار کرٹ کیمپبل کا کہنا ہے کہ چین نے آسٹریلیا پر جو پابندیاں عائد کی ہیں وہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا رجحان، امریکی سٹاک مارکیٹس میں بھی مندی

واشنگٹن (این این آئی) اومی کرون کے پھیلاو کے سبب عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا رجحان جاری ہے، امریکی سٹاک مارکیٹس بھی مندی کا شکار ہوگئیں۔ امریکی خام تیل کی قیمتوں میں فی بیرل 61 سینٹ کمی ہوئی جس کے بعد قیمت پینسٹھ اعشاریہ ستاون ڈالر فی بیرل ہوگئی برینٹ

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان کی تعمیر نو کے اضافی مشن کو نیٹو پورا نہ کر سکا، سیکرٹری جنرل

2001 میں امریکا کی قیادت میں بین الاقوامی اتحاد نے افغانستان پر حملہ کیا تھا

لٹویا (این این آئی) نیٹو کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ لیٹویا میں افغان مشن سے سیکھنے والے نتائج پر مرتب رپورٹ پر بحث کے لیے اکٹھے ہیں۔ نیٹو عسکری اتحاد اٹھارہ سال تک افغانستان میں موجود رہا۔ اس میٹنگ سے قبل نیٹو کے سکریٹری جنرل ژینس اسٹولٹن برگ کا کہنا تھا کہ نیٹو افغانستان میں مشن کریپ یا اپنے اصل اہداف سے ہٹ جانے کا شکار ہوا اور عسکری اتحاد کو افغانستان کی تعمیر نو میں دھکیل دیا گیا تھا۔ اسٹولٹن برگ کے مطابق نیٹو افغانستان میں اس لیے گیا تھا تاکہ افغانستان کے دہشت گردوں کو ہم پر حملے کرنے سے روکا جا سکے لیکن اس کامیابی کو حاصل کرنے کے باوجود بین الاقوامی کمیونٹی نے ہمارے اصل ہدف کے علاوہ ہم پر ایک اور ذمہ داری ڈال دی تھی۔ نیٹو کے سربراہ

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کووڈ انیس کی نئی قسم کا پتہ لگانے کی عالمی دوڑ شروع، تمام ممالک دباؤ کا شکار

یورپی بلاک کے 10 ممالک میں کورونا ویرینٹ کے 42 کیسز کی تصدیق

لندن (این این آئی) دنیا بھر کے ممالک کی حکومتیں کووڈ انیس انفیکشن کا ڈیٹا بیس اکٹھا کرنے، مسافروں کی اسکریننگ اور کورونا کے نئے ویرینٹ کے وائرل جینوم کی ڈی کوڈنگ کی تیز رفتار دوڑ میں شامل نظر آ رہی ہیں۔ اس وقت دنیا کے ہر خطے میں حکومتیں جس تیز رفتاری سے ان عوامل پر عمل پیرا ہیں اُس سے اُس دباؤ کی نشاندہی ہو رہی ہے جو اب حکومتی سطح پر نمایاں نظر آ رہا ہے۔ اب حکام کو ایک اہم امر کا فیصلہ اور اپنی سمت کا تعین کرنا ہے، وہ یہ کہ وہ غیر مقبول اور معاشی طور پر نقصان دہ اقدامات سے گریز نہ کریں کیونکہ یہ وقت کی ضرورت ہے، یا

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق سینیٹر میر یوسف بادینی کی جانب سے دیئے گئے عشائیے میں روزی کان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات سربلند جوگیزئی اور دیگر شریک ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پشیل پرنٹ روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل ایگل پلازہ، ایگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا

فون: 2835212 فیکس: 2835212

ای میل imroz.ad@gmail.com

ٹریفک کا مسئلہ

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کوئٹہ میں ٹریفک انجنیئرنگ بیورو کے قیام کی قرارداد منظور کرلی گئی۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے اس کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جس کی وجہ سے معمول کی زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔ شہر میں بڑھتی ہوئی آبادی اور گاڑیوں کی بہتات کی وجہ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ تک جانے کے لئے شہریوں کو گھنٹوں انتظار کرنا پڑتا ہے۔ تجاوزات اور پبلک ٹرانسپورٹ نہ ہونے سے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔ تجاوزات بھی ٹریفک جام کا سبب ہیں۔ کوئٹہ کراچی، کوئٹہ، لورالائی ژوب چمن نوشکی قومی شاہراہوں پر ٹریفک حادثات میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہورہی ہیں۔ ٹریفک کی روانی کے لئے بااختیار ٹریفک انجنیئرنگ بیورو قائم کیا جائے جو کسی محکمہ کے زیراثر نہ ہو۔ ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے جامع ٹریفک مینجمنٹ پلان تشکیل دیا جائے۔

صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور بلیدی نے بتایا کہ ماضی میں کوئٹہ میں ٹریفک سسٹم کو بہتر نہیں بنایا جاسکا۔ کوئٹہ پیکیج پر بھی خاطرخواہ کام نہیں ہوا۔ پیکیج کے تحت سڑکوں کو چوڑا کیا جارہا ہے تاہم اس حوالے سے معاوضہ کی ادائیگی کا مسئلہ ہے۔ جسے بروقت حل نہیں کیا جاسکا۔ تاہم اب ٹریفک کا مسئلہ ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ ماس ٹرانزٹ نظام لانے پر غور کیا جارہا ہے۔ تاکہ لوگوں کو سفری سہولتیں میسر آسکیں۔ اس حوالے سے بہتر نظام لائیں گے۔

صوبائی دارالحکومت کی آبادی چند سالوں میں دوگنا ہو گئی ہے۔ آبادی بڑھنے کے ساتھ مسائل میں بھی بے تحاشہ اضافہ ہوا ہے۔ شہر کا سب سے بڑا مسئلہ قلت آب کی صورت میں سامنے آیا ہے۔ ٹریفک کو بھی شہر کے بڑے مسائل میں شمار کیا جاسکتا ہے۔ شہر کے اندرونی علاقوں میں سڑکوں کو کشادہ اور دو رویہ کرنے کا کام آگے نہیں بڑھایا جاسکا۔ پرنس روڈ کو دو رویہ کرنے کا منصوبہ کئی سالوں سے زیر التوا ہے۔ روڈ کے ایک جانب سائنس کالج اور دوسری جانب کالج کے بنگلے اور ہائی سکول ہے۔ اس لئے سڑک کی توسیع کے لئے معاوضہ کی ادائیگی نصف روڈ پر قائم دکانوں کے مالکان کو ہی کرنا ہوگی۔ سائنس کالج کے طلباء کا یہ مطالبہ ہے کہ کالج کی زمین نہ لی جائے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ آنے والے دنوں میں کالج میں مزید شعبے قائم کرنے کے لئے اراضی کی ضرورت ہوگی اس لئے مقابل بنگلوں اور سکول کی زمین لی جاسکتی ہے۔ منصوبے میں پہلے ہی غیر معمولی تاخیر ہوچکی ہے۔ مزید التوا سے ٹریفک کا مسئلہ مزید گھمبیر ہوجائے گا۔ ٹریفک کے نظام کو مکمل طور پر جام ہونے سے قبل ہی رواں مالی سال کے دوران کام شروع کیا جائے۔ بہتر یہ ہوگا کہ کہ تعلیمی اداروں کی تعطیلات سے فائدہ اٹھایا جائے تاکہ سڑک کے توسیعی منصوبے سے طلبا کی پڑھائی متاثر نہ ہو۔

ٹریفک انجنیئرنگ بیورو کی تجویز قابل عمل ہے۔ ملک کے دیگر صوبوں میں ٹریفک انجنیئرنگ بیورو اور موٹر وہیکلز کے ادارے کام کررہے ہیں۔ کوئٹہ میں چند لوکل بس مالکان، کی اجارہ داری ہے جو سرکاری ٹرانسپورٹ چلانے کے منصوبے کی مخالفت کرتے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ کسی دباؤ میں آئے بغیر شہر کے مختلف حصوں میں سرکاری ٹرانسپورٹ چلائے، ویگنوں پک اپ اور رکشوں کو بھی سواری کے حساب سے چلانے کیلئے پرمٹ جاری کیئے جائیں، تاکہ لوگوں کو آنے جانے کی سستی سفری سہولت میسر آنے کے ساتھ ساتھ سڑکوں پر گاڑیوں اور موٹر سائکلوں کی تعداد کو کم کیا جاسکے۔ ہم صوبائی حکومت سے یہ کہنا چاہیں گے کہ کوئٹہ پیکیج کے تحت آرائشی کاکی بجائے فراہمی آب اور سڑکوں کو دو رویہ کرنے کے منصوبوں پر تمام فنڈز خرچ کیئے جائیں، تاکہ شہریوں کے دونوں بڑے مسائل حل ہوسکیں۔

جب دبئی گوادر ہوا کرتا تھا

نورالہدیٰ شاہ گوادر

عدنان خان کاکڑ کا مضمون پڑھا کہ گوادر کا کھارو چان بنا چاہیے یاد ہٹی۔ مجھے وہ دن یاد آگیا جو 1966 اور 1968ء کے اردگرد کے دنوں میں میری چھوٹی سی نگاہ سے گزرا تھا۔ ہم تج پر جا رہے تھے۔ پی آئی اے کا جہاز حسب عادت خراب ہوگیا تھا اور اسے ایمرجنسی میں دبئی ایئرپورٹ پر لینڈنگ کرنا پڑی تھی۔ سامان بھی جہاز سے اتار دیا گیا تھا۔ ایک رن وے تھا اور اس کے کنارے بنی ایک بہت ہی چھوٹی سی عمارت کا ایک چھوٹا سا ہال تھا۔ مسافر اپنے اپنے سامان پر چڑھ کر بیٹھ گئے۔ ہمیں ہال میں جگہ نہیں ملی تھی۔ ہم ہال سے باہر بنے چھوٹے سے صحن میں اپنے سامان پر بیٹھے تھے۔ اس صحن نما محل جگہ کے گرد گلی سبز رنگ کی آہنی ریلنگ مجھے اب بھی ذرا ذرا سی یاد پڑتی ہے۔ ایک صاحب دھوتی اور بنیان میں پک اپ لیے بھاگے پھر رہے تھے۔ کبھی مسافروں کی خبرگیری کرتے اور کبھی جہاز کی۔ اپنا تعارف یقیناً کروایا ہوگا۔ بابا نے دھیمی آواز میں، جیسے بچے کو دلچسپی کی کوئی چیز دکھاتے ہیں، ذرا سی انگلی اٹھا کر ان صاحب کی طرف اشارہ کر کے بتایا کہ پتہ ہے یہ کون ہیں؟ مجھے کیا پتہ کون ہیں؟ جو بھی ہوں میرا کیا!

''یہ اس ملک کے بادشاہ کے بھائی ہیں'' بابا نے سرگوشی کی۔

یا خدا۔ ایسا ہوتا ہے بادشاہ کا بھائی؟ بنی نہیں کہانیوں میں تو ایسا نہیں ہوتا! سرخ اور سنہری مخملیں جبا پہنتے ہیں بادشاہ اور اس کے بھائی۔ بس بھائی من بھر کا تاج نہیں پہنتا ہوگا۔ پر کچھ تو رکھتا ہوگا سر پر! ایک لغبیرتاج کا بادشاہ میں نے شاہ فیصل بھی دیکھ رکھا تھا۔ مگر وہ بھی بڑے دبدبے والے بادشاہ دکھتے تھے، جو طواف کرتے ہوئے بابا نے مجھے دکھائے تھے۔ ہمیں بہت اللہ سے فاصلے پر کھڑا کر دیا گیا تھا۔ شاہ فیصل طواف کرتے ہوئے قریب سے گذرنے لگے تو بابا نے جھک کر میرے کان میں سرگوشی کی ''یہ ہیں یہاں کے بادشاہ''۔ میں نے جھٹ سے چیخ کر انگلی اٹھادی اپنے بازو کی پوری لمبائی کے ساتھ ''یہ ہیں بادشاہ؟'' بابا نے ذکر میرا ہاتھ پکڑ کر چھپ کر دیا اور دونوں بازو بختی سے پکڑ لیے۔ عین اس لمحے شاہ فیصل قریب سے گذرتے ہوئے لمحہ بھر کو ٹھٹکے۔ بابا کو انگلی کے اشارے سے منع کیا کہ بچی کو اس طرح نہ پکڑو اور آگے بڑھ گئے۔

پر یہ بادشاہ کا بھائی! ایک دھوتی اور بنیان۔ اوپر سے ہم بن بلائے مہمان۔ وہ بھی آپ! پاکستان سے ہم جن کے بوسے لیتے تھے۔

خیر شام گہری ہوگئی۔ پتہ چلا کہ یہاں بجلی نہیں ہے اس لیے جہاز اب صبح میں نکلے گا۔ گاڑیاں لائی گئیں۔

کہا گیا کہ تب تک آپ لوگ دبئی گھومیں پھریں۔ اور چونکہ دبئی میں کوئی مناسب جگہ نہیں ہے پاکستانیوں کی رہائش کے لیے، اس لیے شارجہ میں آپ کی رہائش کا بندوبست ہے۔ دبئی اور شارجہ کے نام پہلی بار گوش گزار ہوئے تھے۔

گاڑی میں بیٹھ کر اماں کے بے حد اصرار پر ہم بچی کے بازار گئے تھے۔ سمندر کے کنارے بچی گلی کے دونوں اطراف پان بیڑی والوں کے سے کوکھے دکھا بے ابھی تک یاد ہیں مجھے۔ اندر گئے بھی نہیں۔ اماں نے باہر ہی سے دیکھ کر مزید آگے جانے سے انکار کر دیا کہ یہ ملا کا تیار ہے! (ملا کا تیار اماں کے اصلی گاؤں کے قریب کا مشہور بزاگاہوں ہے۔ آج بھی وہ دیسے کا دیسا، کچے راستوں پر دھول سے اٹا ہوا اور وہی پان بیڑی کے سے ڈھابوں اور کھوکھوں کا بازار۔ بس دبئی کہاں سے کہاں پہنچ گیا) تب دبئی کے اس بازار پر باقی کی پاکستانی خواتین نے بھی ناک سکیڑی اور بازار دیکھنے سے انکار کر دیا۔

رات ہم شارجہ کے دومنزلہ ہوٹل میں رکے۔ ایسا ہی تھا جیسے آبکل کے تھری اسٹار ہوٹل ہوتے ہیں۔ ایک بہت ہی طویل ڈائننگ ٹیبل کے دونوں اطراف ہم ڈنر کے لیے بیٹھے تھے۔ ایک بچن پی ہزار اور کیکے سیموں پر بہت ناراض بھی تھیں اور کھائے بھی جارہی تھیں۔ کسی نے پوچھا کہ کیوں کھا رہی ہو جب کچھ پیں؟ تو کہنے لگیں کہ پیسے بھرے ہیں میں نے۔ کسی اور نے تجسس کو بتایا کہ یہ مفت کے ہیں اس لیے اپنے دانتوں کو تکلیف مت دو۔

جمع ہوئی۔ پی آئی اے تیار تھا اور ہم نے دبئی کو خدا حافظ کہا۔

مارچ 1977ء کی انتخابی تاریخ دہرائے جانے کا دھڑکا

نصرت جاوید

حکومت ڈٹ گئی ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کو واضح الفاظ میں بتادیا ہے کہ اگر وہ الیکٹرانک مشینوں کے ذریعے پولنگ کا عمل سرانجام دینے کو آمادہ نہ ہوا تو اس کے فنڈ روک لئے جائیں گے۔ یہ فنڈ رکے گئے تو الیکشن کمیشن کے اعلیٰ ترین حکام کے علاوہ نچلے درجے کے ملازمین کو تنخواہیں بھی نہیں مل پائیں گی۔ الیکشن کمیشن کے دفاتر بجلی وغیرہ کے بل ادا نہیں کر پائیں گے۔ بالآخر اس ادارے کو بند کرنا پڑے گا۔ اس کے بعد کیا ہو گا۔ یہ سوال صحافیوں میں گھرا اٹھایا نہیں۔ منگل کے روز ہوئے کابینہ کے اجلاس کی بابت بریفنگ دیتے ہوئے وزیر اطلاعات جناب فواد چودھری صاحب بھی اس ضمن میں اپنے تئیں خاموش رہے۔ مقصد ان کا تزی لگانا تھا۔ وہ سینہ پھلا کر لگادی گئی ہے۔ اگے تیرے بھاگ لچھیے۔

قانون میرا شعبہ نہیں۔ پارلیمانی کارروائی کا 1985 سے رپورٹر ہوتے ہوئے تاہم ہمارے تحریری آئین کی کافی شقیں یاد ہو چکی ہے۔ ان میں سے چند آسان ترین الفاظ میں مجھے بھی عام پاکستانی کو سمجھا دینی ہیں کہ الیکشن کمیشن ایک خودمختار ادارہ ہے۔ وہ مختلف وزارتوں کی طرح حکومتی ہدایات پر ہرصورت عمل کرنے کا پابند نہیں۔ حکومت نے اس کے ہاتھ باندھنے کے لئے اگرچہ پارلیمان کے مشترکہ اجلاس سے زور زبردستی ایک قانون پاس کروالیا ہے۔ مذکورہ قانون انتخابات کے دوران ووٹ کی پرچی پر مہر لگانے کے بجائے پولنگ اسٹیشنوں میں رکھی الیکٹرانک مشینوں میں نصب بٹنوں پر انگلی رکھتے ہوئے ووٹ ڈالنے کا تقاضا کرتا ہے۔ اس قانون کی قبولت میں منظوری سے قبل اپوزیشن بنچوں پر بھاری بھرکم تعداد میں بیٹھے دونوں بڑی جماعتوں کے سربراہوں نے دھواں دھار تقاریر کیں۔ شہباز شریف اور بلاول بھٹوزرداری مصر رہے کہ ان کی مشاورت کے بغیر زبردستی منظور کیے اس قانون کو تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے یہ اعلان بھی کردیا کہ مشینوں کے ذریعے ہوئے انتخاب کے نتائج کو وہ کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے۔ عمران حکومت مگر ان دنوں کی اپوزیشن کو کسی خاطر میں نہیں لاتی۔

جولائی 2018ء میں جو انتخاب ہوئے تھے اس کی شفافیت کی بابت بھی اپوزیشن جماعتوں خاص طور پر نواز شریف کے نام سے منسوب مسلم لیگ نے بے تحاشا سوالات اٹھائے تھے۔ یہ سوالات اٹھانے کے بعد سیاسی منطق کا تقاضا تھا کہ اس کی ٹکٹ پر جو لوگ مبینہ دھاندلی کے باوجود قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے لئے منتخب ہوگئے تھے وہ رکنیت کا حلف اٹھانے سے انکار کردیتے۔ وہ یہ جرات مگر دکھا نہیں پائے۔ سر جھکائے ایوان میں داخل ہو گئے۔ اپوزیشن اراکین کی جانب سے رکنیت کا حلف اٹھانا اصولی طور پر جولائی 2018ء کے انتخابی عمل کو تسلیم کرنے کے مترادف بھی تھا۔ اس کے علاوہ محض تقاریر ہیں۔ سیاپا فروشی ہے۔ اس کے سوا کچھ نہیں۔

کہانی مگر یہاں ختم نہیں ہوتی۔ رکنیت کے حلف اٹھانے کے بعد اپوزیشن جماعتوں نے دو اہم ترین قوانین کو تاریخی عجلت میں پاس کروانے میں بھی حکومت کا دل وجان سے ساتھ دیا۔ ان میں سے ایک قانون نے ایک اہم ریاستی ادارے کے سربراہ کی میعاد ملازمت میں توسیع کو باقاعدہ بنایا تھا۔ دس سے زیادہ قوانین کا مقصد پاکستان کو فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کی گرے لسٹ سے نکلوانا بتایا گیا تھا۔ یہ الگ بات ہے کہ مذکورہ قوانین کے پاس ہوجانے کے کئی ماہ گزر جانے کے بعد بھی پاکستان ابھی تک گرے لسٹ میں اٹکا ہوا ہے۔ اہم ترین قوانین سازی کے لئے دنیا بھر کی پارلیمانی جمہوریتوں میں حکومتیں اپوزیشن جماعتوں کی منتیں کرنے کو مجبور ہوتی ہیں۔ عمران حکومت نے ایسے تردد کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی۔ ابھی میعاد ملازمت میں توسیع کو باقاعدہ بنانے والے قانون کا مسودہ بھی تیار نہیں ہوا تھا تو قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف جناب شہباز شریف صاحب نے اس کی غیر شرط وحمایت کا اعلان کردیا۔ اس اعلان نے پیپلز پارٹی کو حیران کردیا۔ اس کی جانب سے تیار ہوئے قانون میں چند ترامیم متعارف کروانے کی کوشش بھی ہوئی۔ بلاول بھٹوزرداری ان ترامیم کے لئے بضد رہے تو ان کے والد سے رابطہ ہوا۔ جس دن یہ قانون قومی اسمبلی سے پاس ہونا تھا اس روز پیپلز پارٹی کے جواں سال چیئرمین اپنے بیڈ روم سے باہر نہ نکلے۔ بظاہر فلو اور بخار کی وجہ سے اسلام آباد والے گھر ہی میں مقیم رہے۔ ان کی عدم موجودگی میں پیپلز پارٹی کے اراکین اسمبلی نے حکومت کو مذکورہ قانون 12 منٹ میں منظور کروانے کی سہولت فراہم کردی۔

اپوزیشن جماعتوں نے فدویانہ چلن کی ذہن رسا رکھنے والے حکومت کو یقین ہے کہ بالآخر وہ الیکٹرانک مشینوں کے ذریعے ہوئے انتخاب کو تسلیم کرنے کو بھی آمادہ ہوجائیں گی۔ ان کی آمادگی کے باوجود وطن عزیز کی تاریخ کا طالب علم وجہ ہوئے اصرار کرنے کو مجبور محسوس کررہا ہوں کہ اگر یہ حکومت اپنی ضد پر ڈٹی رہی تو آئندہ انتخابات مارچ 1977 کی تاریخ ثانی دہرائیں گے۔

دکھتی خاموشی نے واضح پیغام دیا کہ مذکورہ قوانین کی منظوری کے لئے جمہوریت کی چیمپئن بنی اپوزیشن جماعتوں نے درحقیقت ہماری ریاست کے اصل مالکوں کو خوش کرنے کی کوشش کی ہے۔ عمران خان صاحب کے لئے ابھی ان کا شکریہ ادا کرنا واجب نہیں۔ طاقت ور ریاستی اداروں کی خوشنودی کی طلب کا راپوزیشن جماعتوں کو خوش وجوہات کی بنا پر وہ کسی خاطر میں نہیں لاتے۔ جو جماعت لاہور سے حامیوں کے جتھے لے کر اسلام آباد پر یلغار کرنے کا ارادہ باندھ لے یہ حکومت فقط اس کے آگے جھکتی ہے۔

اپوزیشن جماعتوں کے فدویانہ چلن کی ذہن رسا رکھنے والے حکومت کو یقین ہے کہ بالآخر وہ الیکٹرانک مشینوں کے ذریعے ہوئے انتخاب کو تسلیم کرنے کو بھی آمادہ ہوجائیں گی۔ ان کی آمادگی کے باوجود وطن عزیز کی تاریخ کا طالب علم وجہ ہوئے اصرار کرنے کو مجبور محسوس کررہا ہوں کہ اگر یہ حکومت اپنی ضد پر ڈٹی رہی تو آئندہ انتخابات مارچ 1977 کی تاریخ ثانی دہرائیں گے۔

پاکستان کے جرمنی کو قرضہ دینے کی کہانی تاریخ کی روشنی میں

امتیاز احمد

آپ کو اکثر پاکستانی نیوز ویب سائٹس اور سوشل میڈیا پر یہ خبر پڑھنے کو ملتی ہے کہ ایک وقت تھا جب پاکستان نے جرمنی کو مالی امداد فراہم کی تھی اور اب پاکستان اس ملک سے امداد حاصل کرتا ہے۔

پاکستان میں معتبر انگریزی اخبار دا نیوز نے نومبر دو ہزار چودہ میں اس حوالے سے ایک آرٹیکل شائع کیا تھا۔ اس کے بعد دو ہزار پندرہ میں یہی دعویٰ پاکستان کے مشہور صحافی جاوید چودھری نے اپنے ایک ٹاک شو میں کیا تھا۔ پاکستان کے مشہور تحقیقی صحافی عمر چیمہ نے بھی اپنی ٹویٹ میں یہی دعویٰ کر چکے ہیں۔ دو دن پہلے جاوید چودھری صاحب کے ٹاک شو کا موادہی کسی نے چوری کر کے اپنے نام سے اے آر وائے کے ایک بلاگ میں شائع کیا ہوا تھا۔ اب پاکستان کے پارلیمان سے لے کر سیاسی ٹاک شوز تک میں یہ تاثر یہی حوالہ دیا جاتا ہے کہ یہ پاکستان نے جرمنی کو مالی امداد فراہم کی تھی؟

اس کے بعد مجھے بھی اس حوالے سے تجسس ہوا اور میں نے جرمن وزارت خارجہ کے ساتھ ساتھ جرمنی کی وفاقی وزارت برائے اقتصادیات وتوانائی سے خط وکتابت کا سلسلہ شروع کر دیا۔ ان دعووں پر جرمن حکام بھی حیران تھے اور میں نے بھی ارادہ کیا کہ اس حوالے سے جرمن زبان میں ایک آرٹیکل لکھوں گا کہ پاکستان نے کس طرح مشکل حالات میں جرمنی کا ساتھ دیا تھا۔

اس کے بعد چھان بین کا ایک نیا سلسلہ شروع ہوا۔ جرمنی کی وزارت خارجہ اور وفاقی وزارت برائے اقتصادیات وتوانائی کی آرکائیو کے مطابق حقائق کچھ یوں ہیں۔

1959ء میں پاکستان اور بھارت کے درمیان پانی کی تقسیم کا تنازعہ بین الاقوامی سطح پر پہنچ چکا تھا۔ اس حوالے سے پاکستان اور بھارت کے درمیان 1960ء میں دریائے سندھ اور دیگر دریاؤں کا پانی منصفانہ طور تقسیم کرنے کے لیے سندھ طاس معاہدہ طے پایا تھا۔

اس معاہدے کے ضامنوں میں عالمی بینک بھی شامل ہے۔ دونوں ملکوں میں پانی کی تقسیم اور تعمیرات کے لیے 19.2 ارب ڈی ایم (ڈوئچے مارک، اس وقت کی جرمن کرنسی) کی امداد کی ضرورت تھی۔ جرمنی نے اس وقت اس مجموعی رقم کا 15.4 فیصد یعنی 1455 ملین ڈوئچے مارک مالی امداد فراہم کرنے کی ذمہ داری قبول کی تھی۔

پانی کی تقسیم اور تعمیراتی معاملات چلانے کے لیے پاکستان کو اپنے پانچ سالہ منصوبے کی تکمیل کے لیے مجموعی طور پر آٹھ ارب ڈی ایم یا ڈوئچے مارک کی مالی امداد کی ضرورت تھی۔ پاکستان کی مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے عالمی بینک کی مدد سے ''ایلپ پاکستان کنسورشیم'' قائم کیا گیا، جس میں جرمنی کے ساتھ ساتھ کئی دیگر مغربی ممالک نے بھی امداد دینے کا وعدہ کیا۔

پاکستان میں اس منصوبے کا آغاز 1960/61ء میں ہوا اور اسے 1965/66 تک مکمل کیا جانا تھا۔ جرمنی نے مجموعی طور پر پاکستان کو قسط وار کئی ملین ڈی ایم ادا کرنے تھے۔

دا نیوز اور دیگر صحافیوں کی طرف سے کیے جانے والے دعووں کے برعکس سن 1963ء میں جرمن چانسلر نے نہیں بلکہ پاکستانی صدر ایوب خان نے جرمن چانسلر کو ایک خط لکھا تھا، جس میں سالانہ 125 ملین ڈی ایم کے ساتھ ساتھ 85 ملین امداد اضافی طور پر طلب کی گئی تھی اور جرمن حکام نے اضافی امداد کی تیاری کے تیرہ مراحل کون سے ہیں۔

سب سے پہلے سفید کوئرا کپڑا لیا جاتا ہے اور اسے پانچ میٹر کے ٹکڑوں میں کاٹ لیا جاتا ہے۔ کلف دور کرنے کی لیے اسے دھو کر سکھا لیا جاتا ہے۔ اب اسے کھب۔ (1) کیا جاتا ہے۔ جس میں کپڑے کو چٹکیر کی طرح لپیٹ کر سات آٹھ گھنٹے اچھ دی جاتی ہے۔ یہ کپڑے کو ملائم کرتا ہے۔ بھاپ سے سیلا ہوا کپڑا دھوپ میں خشک کرلیا جاتا ہے۔ اب ساجھ (2) کے لیے کپڑے کو اونٹ کی لید، سوڈے اور کڑوے تیل کے آمیزے میں بھگویا جاتا ہے۔ پھر اسے دھو کر سکھائی (3) کے عمل سے گزارا جاتا ہے جس میں ہرن کا تیل، سائن اور لیموں کے پانی میں بھگویا جاتا ہے۔

اب کپڑا نرم ملائم اور رنگوں کے لئے جاذب ہو چکا ہے آگے کیونکہ تصویر کشی کے لئے تیار ہے۔ اگلے مرحلے کو چھر (4) کہتے ہیں۔ کاٹھ لیطف بھائی نے اپنی شاعری میں لڑکیوں کے چھر کھیلنے کا ذکر کیا ہے۔ اجرک کے مصور۔ لکڑی کے بلاکوں سے جنہیں وہ پوڈ کہتے ہیں۔ کشش گل بوٹے اور لہریے تشکیل دیتے ہیں۔ ایک چادر پر 2500 سے 5000 بار ٹھپا لگایا جاتا ہے۔ سیاہ رنگ سے ٹھپے لگانے کو کٹ (5) کا عمل کہتے ہیں۔ یہ سیاہ رنگ پرانے لوہے کو دس روز تک پانی میں بھگو کر حاصل کیا جاتا ہے۔

سیاہ کے بعد سفید رنگ سے گلکاری کی جاتی ہے اسے پچلی (6) کرنا کہتے ہیں۔ یہ رنگ بھول اور جنتی سے بنتا ہے۔ اگلی باری انار کے پھول اور جنتی سے حاصل کردہ سرخ رنگ سے بلاک پرنٹنگ کا ہے۔ رنگوں کے ہنرمند اسے ''کھڑ'' (7) کا نام دیتے ہیں۔ جرمن حکام کی منظوری ظاہر کردی تھی۔

جرمن آرکائیوز میں محفوظ دستاویزات کے مطابق اس حوالے سے مارچ 1963ء میں جرمن حکام کا ایک خصوصی اجلاس طلب کیا گیا اور پاکستان میں جاری منصوبے کے چوتھے اور پانچویں سال کے لیے مالی امداد کی منظوری دی گئی۔ اس میں پاکستان کو یہ یقین دہانی کروائی گئی کہ ماضی کی طرح چوتھے اور پانچویں سال میں بھی اس کی سالانہ امداد میں کمی نہیں کی جائے گی۔

یاد رہے کہ پاکستان اور بھارت کے لیے جرمن امداد ایک ہی دن منظور کی گئی تھی۔ 1962ء میں بھارت اور چین کے درمیان ہمالیہ میں تنازعہ چل رہا تھا، جس وجہ سے بھارت نے بھی 1963ء میں کہا تھا کہ اخراجات میں اضافے کی وجہ سے اس کے پاس فنڈز کی کمی ہوگئی ہے اور اسے راؤرکیلا اسٹیل مل کے لیے اضافی مالی امداد درکار ہے۔ بعدازاں تین جون 1964ء کو بھی جرمنی نے پاکستان کے لیے 152 ملین ڈی ایم کی امداد دینے پر رضامندی ظاہر کردی تھی۔

لیے اجلاس دس جولائی 1665ء کو ہونا تھا لیکن عالمی بینک کی درخواست پر یہ 23 ستمبر 1965ء تک ملتوی کردیا گیا۔

اگست میں پاکستان اور بھارت کے مابین دوسری جنگ کے آغاز پر جرمنی نے دونوں ملکوں کی مالی امداد ملتوی کردی تھی۔ اس وقت تک جرمنی قسط وار پاکستان کو 782 ملین ڈی ایم کی امداد فراہم کرچکا تھا۔ بعدازاں جنگ بندی کی یقین دہانی پر بھارت اور پاکستان کی مالی امداد کا ایک مرتبہ پھر سلسلہ شروع کردیا گیا۔

اس حوالے سے پاکستان کے ساتھ نیا معاہدہ 26 جنوری 1966 کو ہوا۔ اسی دن جرمنی کی وفاقی وزارت برائے اقتصادیات وتوانائی کی طرف سے جاری ہونے والی پریس ریلیز نمبر 3324 کے مطابق پاکستان کو مزید 152.2 ملین ڈی ایم کی مالی امداد دی گئی۔

سندھی ٹوپی اجرک کا دن

راحیلہ خان، مسقط

بارہ برس پہلے سندھی ٹوپی پر ایک جملہ معترضہ کرتی ہیں۔ سندھی کشیدہ کاری میں بھی شیشہ گری کا علم نظر کو ذخیرہ کرتا ہے۔ ''ہرچہ'' سندھی کشیدہ کاری کے مخصوص ٹانکے کا نام ہے جس میں تاگا گئی بھول بھلیوں سے گزر کر دلربا نقش ونگار میں ڈھل جاتا ہے۔ ٹک یا اپلیک کے میز پوش چادر اور لباس بنتے ہیں۔ لڑکیوں میں سکھے گئے یہ سارے ہنر اب بحر نسیاں میں غرقاب ہوچکے ہیں۔ لیکن رہ رہ کے گہر نایاب کی تلاش میں غوطہ زن ہونے کو جی چاہتا ہے۔

اور اب بات کرتے ہیں خاصے کی چیز اجرک کی۔ اجرک سندھ کے علاوہ جنوبی پنجاب، انڈین گجرات اور راجستھان میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ ملتانی اجرک نیلے سفید اور سارنگ سے بنتی ہے لیکن سندھی اجرک میں ان رنگوں کے ساتھ سرخ رنگ نمایاں ہوتا ہے۔ اجرک کہتے کو تو گہرے رنگوں سے بلاک پرنٹ کی ہوئی چادر ہے جسے سندھی مردوں زن اوڑھتے ہیں۔ لیکن سندھ میں روایتی طور پر اجرک سے جو تکریم منسوب ہے وہ اسے سندھی ثقافت کے سدرۃ المنتہیٰ ہونے کا ہے۔

اجرک سندھ کی پہچان ہے، ناز ہے، عزت کا استعارہ ہے۔ اگر کوئی آپ کو اجرک کا تحفہ دیتا ہے تو جان لیں کہ اپ کو شرف بخشا گیا ہے، عزت آپ کو عطا کیا گیا ہے اور خلعت فاخرہ عطا کی گئی ہے۔ اجرک چادر کے طور پر استعمال کریں یا خواتین اپنی کمیض بنالیں لیکن یاد رہے اجرک کے ساتھ تقدس وابستہ ہے اس لئے اس کپڑے کی شلوار یا پاجامہ نہیں بنایا جاسکتا۔

اجرک صدیوں، قرنوں سے سندھ کے رواج و روایت کا حصہ رہی ہے۔ قیاس کیا جاتا ہے کہ پانچ ہزار سال قدیم تاریخی ورثے موئن جو دڑو سے ملنے والے پروہت کے مجسمے کے کاندھے پر پڑی چادر اجرک ہی ہے۔ یہ قیاس اس پر موجود تین پتی اور دائرے والے نمونے کی بنیاد پر کیا جاتا ہے جو اجرک کے ایک ڈیزائن ٹکڑے سے ملتا ہے۔ اجرک کے دس بنیادی ڈیزائن ہیں جن میں چگی، مگر، حاشیہ، تلی، جلیب، ول، بھنتی چ، بلوکاشی اور قلمدان شامل ہیں۔

گو کہ آج کل کیمیائی رنگوں سے بھی اجرک بنائی جاتی ہے لیکن اصلی اجرک کی تیاری میں قدرتی اجزا سے حاصل کردہ رنگوں کا استعمال کیا جاتا ہے ان میں نیل، جریر، کیسو پھول، انار کے چھلکے، ببول کی چھال، املی کے بیج، ہلدی، پرانا لوہا اور کھٹا وغیرہ شامل ہیں۔ ان سے رنگ تیار کرنے میں ہی کئی روز لگ جاتے ہیں۔ روایتی اجرک کی تیاری طویل اور مشقت آمیز عمل ہے۔ تیرہ مراحل اور چالیس دن کی جاں فشانی کے بعد گوہر مقصود کی صورت نظر آتی ہے۔

یہ اجرک سردی میں حرارت خیز اور گرمی میں خنکی رساں ہوتی ہے۔ اصلی اجرک کی پہچان یہ ہے کہ اس پر دونوں طرف سے یکساں چھپائی ہوتی ہے یعنی الٹا سیدھا نہیں ہوتا اور یہ دو ہاٹ میں ملتی ہے جو بلوچ سے جڑے ہوتے ہیں۔ اصلی اجرک کی قیمت دو ہزار سے چھ ہزار روپے تک ہوتی ہے۔ جبکہ کیمیائی رنگوں سے بنی اجرک دو سو سے چھ سو روپے میں ملتی ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں اس نادر روزگار اجرک کی تیاری کے تیرہ مراحل کون سے ہیں۔

سب سے پہلے سفید کوئرا کپڑا لیا جاتا ہے اور اسے پانچ میٹر کے ٹکڑوں میں کاٹ لیا جاتا ہے۔ کلف دور کرنے کی لیے اسے دھو کر سکھا لیا جاتا ہے۔ اب اسے کھب۔ (1) کیا جاتا ہے۔ جس میں کپڑے کو چٹکیر کی طرح لپیٹ کر سات آٹھ گھنٹے اچھ دی جاتی ہے۔ یہ کپڑے کو ملائم کرتا ہے۔ بھاپ سے سیلا ہوا کپڑا دھوپ میں خشک کرلیا جاتا ہے۔ اب ساجھ (2) کے لیے کپڑے کو اونٹ کی لید، سوڈے اور کڑوے تیل کے آمیزے میں بھگویا جاتا ہے۔ پھر اسے دھو کر سکھائی (3) کے عمل سے گزارا جاتا ہے جس میں ہرن کا تیل، سائن اور لیموں کے پانی میں بھگویا جاتا ہے۔

اب کپڑا نرم ملائم اور رنگوں کے لئے جاذب ہو چکا ہے آگے کیونکہ تصویر کشی کے لئے تیار ہے۔ اگلے مرحلے کو چھر (4) کہتے ہیں۔ کاٹھ لطیف بھائی نے اپنی شاعری میں لڑکیوں کے چھر کھیلنے کا ذکر کیا ہے۔ اجرک کے مصور۔ لکڑی کے بلاکوں سے جنہیں وہ پوڈ کہتے ہیں۔ کشش گل بوٹے اور لہریے تشکیل دیتے ہیں۔ ایک چادر پر 2500 سے 5000 بار ٹھپا لگایا جاتا ہے۔ سیاہ رنگ سے ٹھپے لگانے کو کٹ (5) کا عمل کہتے ہیں۔ یہ سیاہ رنگ پرانے لوہے کو دس روز تک پانی میں بھگو کر حاصل کیا جاتا ہے۔

سیاہ کے بعد سفید رنگ سے گلکاری کی جاتی ہے اسے پچلی (6) کرنا کہتے ہیں۔ یہ رنگ بھول اور جنتی سے بنتا ہے۔ اگلی باری انار کے پھول اور جنتی سے حاصل کردہ سرخ رنگ سے بلاک پرنٹنگ کا ہے۔ رنگوں کے ہنرمند اسے ''کھڑ'' (7) کا نام دیتے ہیں۔ رنگ آمیزی کے ہر مرحلے کے بعد جھوسا چھڑکا جاتا ہے تاکہ رنگ اپنی حدود میں ہی رہیں کسی اور کی حد میں دخل اندازی نہ کریں۔ اب نیل لاپانی سے نتھار کر (8) دھوپ میں سکھایا جاتا ہے۔

پھر کھلے صاف پانی سے دھویا جاتا ہے اسے وچھڑ (9) کہتے ہیں۔ اب باری آتی ہے رنگائی (10) کی۔ بھٹی میں

حکومت کو اپنی بدعنوانی کا حساب دینا ہوگا

سید مجاہد علی

وفاقی کابینہ نے کورونا اخراجات میں چالیس ارب روپے بے قاعدگیوں اور گھپلے کے بارے میں آڈٹ رپورٹ کو مسترد کردیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کابینہ کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ وزارت خزانہ کی طرف سے اس رپورٹ کو پہلے ہی مسترد کیا جاچکا ہے اور وزیر اعظم کی معاون خصوصی نیز احساس پروگرام کی نگران ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے بھی اپنے ادارے کی پوزیشن واضح کردی ہے۔

واضح رہے کہ وزارت خزانہ نے امدادی پروگرام کے سلسلہ میں آئی ایم ایف کے ساتھ ہونے والے معاہدہ کی وجہ سے آڈیٹر جنرل کی رپورٹ کو اپنی ویب سائٹ پر شائع کیا تھا جس کے بعد یہ خبریں سامنے آئی تھیں کہ کورونا کے امدادی پروگرام کے تحت ہونے والی خریداری اور اخراجات میں وسیع پیمانے پر بے قاعدگیاں موجود تھیں۔ خریداری کے لئے مقررہ طریقہ کار پر عمل نہیں کیا گیا یا مارکیٹ سے کہیں زیادہ قیمت پر خریداری کی گئی حالانکہ مارکیٹ میں وہ اشیا کم قیمت پر دستیاب تھیں۔ عمران خان کی حکومت شفافیت اور دیانت داری کے ساتھ مالی معاملات چلانے کا دعویٰ ضرور کرتی ہے لیکن کورونا اخراجات پر آڈیٹر جنرل کی رپورٹ کو آئی ایم ایف کے مطالبہ کے بعد ہی پبلک کیا گیا تھا۔

مالی معاملات کی نگرانی اور انتظام ضرور وزارت خزانہ اور حکومت کے دائرہ اختیار میں ہوتا ہے لیکن یہ دیکھنے کے لئے کہ یہ مصارف مقررہ طریقہ کار کے مطابق کئے جائیں اور سرکاری عمال سرکاری فنڈز میں خورد برد اور بدعنوانی کے مرتکب نہ ہوں، تمام سرکاری اخراجات کا آڈٹ کروانا بھی طریقہ کار کا حصہ ہے۔ کوئی بھی حکومت نہ صرف ایسی آڈٹ رپورٹ سے سبق سیکھتی ہے بلکہ اگر ان میں کسی بڑی بے قاعدگی کی نشاندہی کی جائے تو انتظامی معاملات پر نظر ثانی کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے تاکہ قومی خزانے کے وسائل کو پوری ذمہ داری اور دیانت کے ساتھ صرف کیا جاسکے۔ تاہم جب کوئی حکومت اپنے اخراجات کے بارے میں آڈیٹرز کی رپورٹس کو چھپانے کا اہتمام کرے اور کسی عالمی ادارے کے دباؤ پر ہی اسے سامنے لانے پر مجبور ہو تو اسی سے ایسی حکومت کی بدنیتی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

آڈیٹر جنرل نے اپنی رپورٹ میں جن بے قاعدگیوں کی نشاندہی کی ہے، وہ وہی طریقے ہیں جنہیں سرکاری مشینری سرکاری فنڈز میں خرد برد کے لئے استعمال کرتی ہے۔ یعنی خریداری کے لئے مقررہ طریقہ پر عمل کرنے کی بجائے ایسی کمپنیوں سے مال خریدا جائے جن کے ساتھ پہلے ہی کمیشن طے ہو۔ یا مارکیٹ میں جس قیمت پر اشیا دستیاب ہوں، ان سے کہیں زیادہ قیمت پر خریداری کی جائے۔ اس مقصد کے لئے عام طور سے ٹینڈر طلب کرنے یا کم قیمت والے ٹینڈر کو کسی تکنیکی عذر کی بنیاد پر مسترد کرنے کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ یہ ہتھکنڈا اختیار کرنے کا مقصد بھی یہی ہوتا ہے کہ ایسے افراد یا کمپنیوں سے سپلائی کا کام لیا جائے جن سے کمیشن کی وصولی پہلے سے طے کرلی جاتی ہے اور اسے مختلف طریقوں سے وصول کرلیا جاتا ہے۔

آڈیٹر جنرل نے کورونا مصارف کے 350 ارب روپے کے اخرجات کے بارے میں جو رپورٹ تیار کی ہے، اس میں 40 ارب روپے کی بے قاعدگیاں پائی گئی ہیں۔ عرف عام میں اسے کرپشن کہا جائے گا کیوں کہ ضرورت سے زائد صرف ہونے والی رقم سے کسی کو تو فائدہ پہنچتا ہے۔

پاکستان جیسے ملکوں میں کرپشن سرکاری نظام کا لازمی حصہ بن چکا ہے۔ اسی لئے رشوت عام ہے اور کسی سرکاری ادارے میں شفافیت اور مستعدی دکھائی نہیں دیتی۔ بڑے پیمانے پر سرکاری مصارف میں بے قاعدگیاں صرف متعلقہ افسروں کی لاپرواہی یا نالائقی کے سبب دیکھنے میں نہیں آتیں۔ عام طور سے نوٹ کیا گیا ہے کہ بدعنوانی میں ملوث سرکاری عہدیدار اپنے کام میں طاق ہوتے ہیں اور متعلقہ طریقہ کار کو ناجائز سہولت یا خرد برد کے لئے استعمال کرنے میں مہارت رکھتے ہیں۔ یہ طریقہ حکومتی سیاسی قیادت کی باقاعدہ سرپرستی کے بغیر کامیاب نہیں ہوتا۔ یعنی اگر 350 ارب روپے کے کورونا مصارف میں 40 ارب روپے کا گھپلا نوٹ کیا گیا جو کل اخراجات کا بارہ فیصد بنتا ہے تو سرکاری افسر تن تنہا اتنی خطیر رقم خرد برد نہیں کرسکتے۔ مروجہ طریقہ کے مطابق ہر عہدیدار کو جن میں محکمہ کے سیاسی نگران بھی شامل ہوتے ہیں، اس کے عہدہ و اختیار کے مطابق حصہ تقسیم ہوتا ہے۔ چونکہ سب لوگوں کو اپنی 'محنت شاقہ' کا پھل مل رہا ہوتا ہے، اس لئے سب ہی اس پر پردہ ڈالنا اور اسے عوام کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھنا بھی فرض منصبی کا حصہ سمجھتے ہیں۔

احساس پروگرام کے تحت متعدد منصوبوں میں سامنے آنے والی بے قاعدگیوں میں بدعنوانی کے یہ سب اشاریے موجود ہیں۔ پہلے تو آڈیٹر جنرل نے اپنی رپورٹ میں ہی واضح کیا ہے کہ متعلقہ شعبوں نے تمام معلومات فراہم نہیں کیں۔ اس کا مطلب ہے کہ مالی معاملات میں حقیقی گڑ بڑ سامنے آنے والی بے قاعدگی سے کہیں زیادہ ہوسکتی ہے۔ اس کے بعد یہ نکتہ بھی قابل غور ہے کہ حکومت نے معمول کے مطابق کورونا مصارف کی آڈٹ رپورٹ جاری کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی بلکہ اسے خفیہ رکھنے کی حتی الامکان کوشش کی گئی تاآنکہ عالمی مالیاتی فنڈ نے اس رپورٹ کے اجرا اور تمام اخراجات کے مکمل آڈٹ کو امدادی پیکیج کی اگلی قسط ادا کرنے سے مشروط نہیں کردیا۔ پھر ہر چھوٹے بڑے معاملہ پر پریس کانفرنس کرکے حکومت کی اعلیٰ صلاحیت کی دھاک بٹھانے والے حکومتی نمائندوں نے اس رپورٹ کے بارے میں کوئی بات کرنا مناسب نہیں سمجھا بلکہ اسے وزارت خزانہ کی ویب سائٹ پر شائع کرکے یہ تصور کرلیا گیا کہ آئی ایم ایف کی شرط پوری کردی گئی ہے۔

حکومت کو یہ سمجھنا چاہئے کہ آئی ایم ایف سے ہونے والا معاہدہ پاکستانی عوام کی طرف سے کیا گیا ہے۔ اس معاہدہ کے لئے ہونے والے مذاکرات میں پاکستانی حکومت اپنے ملک کے عوام کی نمائندہ تھی اور آئی ایم ایف کو وسائل فراہم کرنے والے ممالک یا اداروں کے مفادات پر نگاہ رکھنا ہوتی ہے۔ تاہم اس معاملہ میں دیکھا جاسکتا ہے کہ آئی ایم ایف ایک خاص شعبہ کا آڈٹ کروانے پر اصرار کرتا ہے جبکہ پاکستانی حکومت کے نمائندے بامر مجبوری اس شرط کو قبول کرتے ہیں۔ درست تناظر میں دیکھا جائے تو درحقیقت آئی ایم ایف پاکستانی نظام میں کرپشن کی نشاندہی کرتے ہوئے پاکستانی عوام کے مفادات کا تحفظ کرتا دکھائی دیتا ہے جبکہ ملک کی ایماندار سیاسی حکومت کے نمائندے اس سے اغماض برتنا چاہتے تھے۔ اس رویہ سے عوامی نمائندوں کی اپنے ملک کے عوام کے ساتھ شیفتگی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے اور دیکھا جاسکتا ہے کہ حکومت کس حد تک عوامی مالی مفادات کو عزیز رکھتی ہے اور نظام کی بدعنوانی اور کجی کو دور کرنے میں از خود سرگرم ہونے کی بجائے اس کی پردہ پوشی کا طریقہ اختیار کرنا ضروری سمجھتی ہے۔

اس پس منظر میں احساس پروگرام میں سنگین بے قاعدگی یا کرپشن کی معلومات مجبوراً ہی سہی سامنے آنے کے بعد بھی وزیر اعظم سے لے کر کسی بھی سطح کی سیاسی قیادت نے کوئی وضاحت دینے یا اپنی کوتاہی کو تسلیم کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی بلکہ وزیر اعظم عمران خان تو دو روز پہلے بھی القادر یونیورسٹی کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابقہ حکمرانوں کی بدعنوانی اور ملکی معیشت، سماج و سیاست پر اس کے اثرات کا مرثیہ پڑھتے ہوئے اخلاقیات پر طویل لیکچر نما تقریر کرتے سنائی دیے تھے۔ حالانکہ اس وقت تک ان کی اپنی حکومت کے ایک شعبہ میں چالیس ارب روپے کے ناجائز مصارف کی معلومات آڈٹ رپورٹ کی صورت میں سامنے آچکی تھیں۔ اس صورت حال سے اس ملک کا عام شہری کیا نتیجہ اخذ کرسکتا ہے۔ اگر کوئی عمران خان کی اندھی محبت وعقیدت میں مبتلا ہوکر شخصیت پرستی کے سبب اس کوتاہی کو نہیں دیکھ سکتا تو علیحدہ بات ہے لیکن متوازن رائے بنانے والا ضرور سوال کرے گا کہ وزیر اعظم سابقہ حکومتوں کی آنکھ کا تنکا تلاش کرتے ہوئے اپنی آنکھ کا شہتیر دیکھنے میں کیوں ناکام رہتے ہیں؟

اب وفاقی کابینہ کے اجلاس میں آڈٹ رپورٹ کو یہ کہتے ہوئے مسترد کیا گیا ہے کہ ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے اپنی پوزیشن واضح کردی ہے یا متعلقہ شعبوں سے اس بارے میں تفصیلی رپورٹ مانگ لی گئی ہے۔ کیا وزیر اعظم اور ان کی کابینہ میں شامل نورتن یہ سمجھنے کے اہل بھی نہیں ہیں کہ 'متعلقہ شعبوں' کی رپورٹ اور فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر ہی آڈیٹر جنرل نے وہ رپورٹ ترتیب دی تھی جس میں ان شعبوں کا کیا دھرا اب عوام کے سامنے لایا گیا ہے۔ حکومت نے تو اسے چھپانے کی پوری کوشش کی تھی لیکن آئی ایم ایف آڑے آگیا۔ رپورٹ میں کوتاہیوں یا خرد برد اور بدعنوانی کی نشاندہی ہوچکی ہے۔ اب حکومت کو ان کی وضاحت کی بجائے ان کے تدارک کے لئے کام کی ضرورت تھی۔ لیکن حسب معمول عمران خان کی حکومت اپنی غلط کاریوں کی ذمہ داری قبول کرنے سے انکار کررہی ہے۔ عمران خان کی باتوں سے یہ اندازہ کرنا مشکل نہیں ہے کہ وہ آئندہ انتخاب بھی سابقہ حکمرانوں کی بدعنوانی اور اخلاقی کمزوریوں کو نمایاں کرکے جیتنا چاہتے ہیں۔ ساڑھے تین سال حکومت کرنے کے بعد بھی ان کے نامہ اعمال میں دکھانے کے لئے کچھ بھی موجود نہیں۔ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کو درست بتانے کے لئے دوسرے ملکوں سے اشیائے صرف کی قیمتوں کے اعداد و شمار فراہم کئے جاتے ہیں یا محکمہ شماریات کو افراط زر کا ماہانہ جائزہ پیش کرنے سے روکا جاتا ہے۔ منگل کو محکمہ اعداد و شمار نے ایک رپورٹ جاری کی تھی جس میں بتایا گیا تھا کہ نومبر کے دوران قیمتوں میں اضافے کی شرح ساڑھے گیارہ فیصد رہی لیکن راتوں رات اس رپورٹ کو پی بی ایس کی ویب سائٹ سے ہٹا دیا گیا۔ اور بدھ کی صبح پریس کانفرنس میں وزیر اطلاعات ٹماٹر پیاز کی قیمتوں کا جائزہ پیش کرکے عوام کو یقین دلا رہے تھے کہ حکومتی کوششوں سے مہنگائی پر قابو پایا جارہا ہے۔

مہنگائی کا یہ 'خاتمہ' ویسا ہی ہے جیسا کہ دوسروں کی بدعنوانی کے ذکر سے اپنی چوری کو چھپانے کا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ لیکن حکومت مالی بے قاعدگیوں کو مسترد کرکے سرخرو نہیں ہوسکتی۔ اسے ان کوتاہیوں کا حساب دینا ہوگا۔ صرف نعرے لگانے سے معاملات کی خوشنما تصویر بہت دن تک قائم نہیں رہ سکتی۔

کیا آپ سلویا پلاتھ کی شادی، شاعری اور خودکشی کی کہانی جانتے ہیں؟

ڈاکٹر خالد سہیل

سلویا پلاتھ کی کہانی اس لکھاری کی کہانی ہے جو اپنے مرنے کے بعد ادب عالیہ کی دنیا میں پیدا ہوئیں۔ ان کا فن ان کے پاگل پن اور شاعری ان کے اقدام خودکشی کی کوکھ سے پیدا ہوئے۔

سلویا پلاتھ 1932 میں امریکہ کے شہر بوسٹن میں پیدا ہوئیں۔ ان کی والدہ کا خاندانی تعلق آسٹریا سے تھا اور والد کا آبائی رشتہ جرمنی سے جڑا ہوا تھا۔ وہ دونوں امریکہ میں پہلی نسل کے مہاجر تھے۔ سلویا پلاتھ کے والد بوسٹن یونیورسٹی میں حیاتیات کے پروفیسر تھے۔

سلویا پلاتھ کی عمر ابھی آٹھ برس ہی تھی جب ان کے والد فوت ہو گئے۔ سلویا پر ان کی موت کا گہرا نفسیاتی اثر ہوا اور وہ بہت دکھی ہوگئیں۔ ان کا یہ دکھ دھیرے دھیرے اور بڑھتے بڑھتے ڈپریشن کا روپ دھارنے لگا۔ ایسی ڈپریشن جس کے تاریک بادل ساری عمر ان کے سر پر منڈلاتے رہے اور انہیں موت کے قریب سے قریب تر کرتے چلے گئے۔

سلویا بچپن سے ہی حد سے زیادہ حساس لڑکی تھیں۔ انہوں نے گیارہ برس کی عمر سے ہی اپنے جذبات اور خیالات کو الفاظ کا روپ دے کر اپنی ڈائری میں رقم کرنا شروع کردیا۔ ڈائری لکھنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے اپنے فن کا اظہار شاعری میں بھی کیا اور پینٹنگز میں بھی۔

1950 میں جب انہیں سمتھ کالج میں داخلہ ملا تو انہوں نے کالج کی ادبی سرگرمیوں میں حصہ لینا شروع کیا جنہیں ان کے اساتذہ نے بہت سراہا۔ کالج کی تعلیم کے تیسرے سال انہیں ایک خاص انعام ملا اور میگزین نے انہیں چند اور خواتین ادیبوں کے ساتھ ایک مہینے کے لیے نیویارک بھیج دیا۔

نیویارک میں ایک مہینے کا تجربہ سلویا پلاتھ کے لیے اتنا اہم اور بھرپور تھا کہ انہوں نے اس تجربے کو اپنے ناول THE BELL JAR کے لیے خام مال کے طور پر استعمال کیا۔ دی بیل جار ایک خود سوانحی ناول کی صنف کا شہکار ہے۔

نیویارک کے قیام کے دوران سلویا پلاتھ کی شدید خواہش تھی کہ وہ مشہور شاعر ڈلن تھامس سے ملیں۔ وہ ان کے ہوٹل کے گرد دو دن تک چکر لگاتی رہیں لیکن جب وہ ملے بغیر چلے گئے تو سلویا پلاتھ اتنی دلبرداشتہ ہوئیں کہ انہوں نے ایک چاقو سے اپنی ٹانگوں پر چرکے لگائے اور اپنے آپ سے پوچھا کہ کیا مجھ میں اتنی ہمت ہے کہ میں خودکشی کرلوں؟

سلویا پلاتھ نے پہلا باقاعدہ اقدام خودکشی اگست 1954 میں کیا جب انہوں نے اپنی والدہ کی تمام خواب آور گولیاں کھالیں۔ اس اقدام خودکشی کے بعد انہوں نے چھ ماہ ایک نفسیاتی ہسپتال میں گزارے جہاں ان کا بجلی کے جھٹکوں سے علاج کیا گیا۔

1955 میں سلویا پلاتھ نے دوستاوسکی کے ناولوں پر مقالہ لکھ کر سمتھ کالج سے بی اے کی ڈگری حاصل کی۔ سلویا اتنی ذہین اور قابل تھیں کہ انہیں انگلستان کا فل برائٹ سکالرشپ دیا گیا کہ وہ انگلستان جاکر کیمبرج یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرسکیں۔ انگلستان میں اساتذہ اور طلبا و طالبات ان سے بہت عزت واحترام سے پیش آئے۔

سلویا پلاتھ کی شاعر ٹیڈ ہیوز سے ملاقات 1956 میں ہوئی۔ وہ دونوں ایک دوسرے کے عشق میں گرفتار ہوگئے اور ایک دوسرے کو محبت بھری نظمیں بھیجتے رہے۔ محبت ناموں کا یہ سلسلہ اتنا دراز ہوا کہ چند ماہ بعد دونوں نے ایک دوسرے کو شریک حیات کے طور پر چن لیا۔

1957 میں سلویا اور ٹیڈ امریکہ آگئے اور دونوں استاد بن گئے۔

اس طرح دو شاعر 'دو ٹیچر اور دو دانشور ایک چھت تلے ساتھ رہنے لگے۔

سلویا پلاتھ کی شاعری میں اہم تبدیلی اس وقت آئی جب انہوں نے مشہور ادیب رابرٹ لاول کے سیمیناروں مین شرکت کرنی شروع کی جہاں ان کی ملاقات فینسٹ لکھاری این سیکسٹن سے ہوئی۔ رابرٹ لاول اور این سیکسٹن نے سلویا کی بہت حوصلہ افزائی کی اور انہیں خود سوانحی نظمیں لکھنے کا مشورہ دیا۔ اس کے بعد سلویا پلاتھ نے اپنی زندگی کے تلخ و شیریں تجربات و مشاہدات پر نظموں کا ایک ایسا سلسلہ شروع کیا جو ان کی شاعری کی شناخت ٹھہرا۔ انہوں نے ڈیپریشن 'خودکشی اور عورتوں کے خوابوں اور عذابوں پر کھل کر لکھنا شروع کیا اور اپنی تمام تر خوبیوں اور خامیوں کو قبول کیا تب ہی تو وہ یہ لکھنے کے قابل ہوسکیں

انہوں نے اپنی غیر معمولی شخصیت اور اپنی غیر روایتی سوچ کو دل کی گہرائیوں سے قبول کرنے کی بہت کوشش کی۔ عارف عبدالمتین کا شعر ہے

؟میری عظمت کا نشاں میری تباہی کی دلیل

میں نے حالات کے سانچوں میں نہ ڈھالا خود کو۔

سلویا پلاتھ کا پہلا شعری مجموعہ دی کلوسس 1960 میں چھپا۔

جب سلویا اور ٹیڈ کی شادی کا ہنی مون پیریڈ ختم ہوا اور رومانوی رشتے میں دراڑیں پڑنے لگیں تو سلویا کے دل میں اپنے شوہر کے لیے مثبت جذبات کم ہونے لگے اور منفی جذبات بڑھنے لگے۔

دھیرے دھیرے سلویا کی محبت نفرت ان کی چاہت جارحیت اور اپنائیت غیریت میں ڈھلنے لگی۔

سلویا کے ہاں ان کی بیٹی فریدا اپریل 1960 اور بیٹا نکولس جنوری 1962 میں پیدا ہوا۔

1961 میں سلویا اور ٹیڈ نے ایک جوڑے آسیا ولول اور ڈیوڈ ولول سے ایک گھر کرائے پر لیا لیکن اس گھر نے ان کی زندگی میں ایک بحران پیدا کردیا کیونکہ ٹیڈ اپنی مالک مکان آسیا کی زلف کے اسیر ہو گئے۔ جنوری 1962 میں جب سلویا کو اپنے شوہر کے ایک شادی شدہ عورت سے رومانوی تعلقات کا پتہ چلا تو وہ اتنی دلبرداشتہ ہوئیں کہ پہلے اپنے شوہر سے بہت لڑیں اور پھر ستمبر 1962 میں انہیں چھوڑ کر اور دونوں بچوں کو لے کر انگلستان چلی گئیں اور طلاق لینے کے بارے میں سوچنے لگیں۔

ٹیڈ سے علیحدگی کے بعد سلویا میں ایک تخلیقی طوفان آیا اور انہوں نے چند ماہ میں چالیس نظمیں لکھ ڈالیں۔

اسی دوران انہوں نے اپنا خودسوانحی ناول دی بیل جار بھی وکٹوریا لیوکس کے فرضی نام سے چھپوایا۔

انگلستان میں بچوں کی خدمت 'شوہر سے شکایت اور سردی کی شدت کی وجہ ان پر ڈپریشن کا ایک اور دورہ پڑا۔ ان کے ڈاکٹر نے انہیں اینٹی ڈپریسنٹ ادویہ کھانے اور ہسپتال میں داخل ہونے کا مشورہ دیا لیکن انہوں نے ہسپتال جانے سے انکار کردیا۔ آخر ڈاکٹر نے جب سلویا کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے گھر میں ایک نرس رکھ لیں تو وہ راضی ہوگئیں۔ 11 فروری 1963 کی جس صبح نرس نے سلویا کا خیال رکھنے نو بجے جانا تھا اس صبح انہوں نے دونوں بچوں کو علیحدہ کمرے میں سلایا اور خود گیس کا چولھا جلا کر اس میں اپنے سر گھسا دیا اور کاربن مانو آکسائڈ کی زہریلے گیس کی شدت سے خودکشی کرلی۔ جب نرس آئی تو اسے دو سوتے ہوئے بچے اور سلویا کی لاش ملی۔

بچے تو چند گھنٹوں کے بعد جاگ گئے لیکن سلویا ابدی نیند سو گئیں۔

سلویا پلاتھ کی موت کے بعد ان کی نظموں کا مجموعہ۔ ایریل۔ شائع ہوا اور اتنا مقبول ہوا کہ اسے بہت سے انعامات ملے۔

جب سلویا پلاتھ کی نظموں کی کلیات 1981 میں چھپیں تو ان نظموں کو اتنی ادبی پذیرائی ملی کہ انہیں 1982 کا پلٹزر انعام ملا ایسا انعام جو موت کے بعد کم بہت ہی کم دیا جاتا ہے۔

سلویا پلاتھ کا ناول دی بیل جار 1971 میں ان کے اصلی نام کے ساتھ چھپا۔

سلویا کے بچوں نے ان کا فن اور پاگل پن دونوں وراثت میں پائے ان کی بیٹی فریدہ ایک فنکار بن گئیں اور ان کے بیٹے نکولس نے 2009 میں ماں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے خودکشی کرلی۔

سلویا کی خودکشی کے بعد فیمنسٹ عورتیں ان کے شوہر سے اتنی ناراض ہوئیں کہ بعض نے انہیں سلویا کی خودکشی کا ذمہ دار ٹھہرایا اور انہیں قتل کی دھمکیاں دیں۔ فیمنسٹ عورتوں نے یہ بھی مشہور کیا کہ ٹیڈ سلویا کو مارتے پیٹتے بھی تھے ایک دفعہ اتنا زدوکوب کیا کہ ان کا اسقاط ہوگیا۔

ٹیڈ نے جس شادی شدہ عورت آسیہ سے رومانوی تعلقات قائم کیے تھے اس نے بھی چند سال بعد خودکشی کرلی۔

ٹیڈ کافی عرصہ سلویا سے رشتے کے بارے میں خاموش رہے لیکن پھر 1998 میں ایک شاعری کا مجموعہ LETTERS BIRTHDAY کے نام سے چھپوایا جسے ادبی محفلوں میں بہت سراہا گیا۔ اس کتاب کا ٹائٹل ان کی فنکار بیٹی فریدہ نے بنایا تھا۔ جب وہ مجموعہ چھپا تو بہت کم لوگ جانتے تھے کہ ٹیڈ کینسر کے آخری مراحل میں ہیں اس لیے کتاب کی اشاعت کے چند ماہ بعد وہ اس جہان فانی سے کوچ کر گئے۔

اس طرح سلویا اور ٹیڈ دو شاعروں کی محبت اور نفرت چاہت اور جارحیت شاعری اور خودکشی کی کہانی اپنے انجام تک پہنچی۔

سلویا پلاتھ کی ادبی کرامت یہ ہے کہ انہوں نے محبت کی موت کی کوکھ سے ادب عالیہ کو جنم دیا۔ وہ خود تو فوت ہوگئیں لیکن نسوانی ادب کو زندہ جاوید کر گئیں۔

اگر آپ نے سلویا پلاتھ کی شاعری نہیں پڑھی تو میں نے آپ کے لیے ان کی ایک نظم کا ترجمہ کیا ہے۔

آئینہ

میرے کوئی تعصبات نہیں ہیں
میرے کوئی تحفظات نہیں ہیں
مجھے جو بھی پیش کیا جاتا ہے
میں اسے پسند یا ناپسند کیے بغیر
قبول کرلیتا ہوں
میں ظالم نہیں ہوں
صرف سچ کہتا ہوں
میں دن بھر
سامنے کی دیوار کے نقش و نگار دیکھتا رہتا ہوں
جو رات کو غائب ہوجاتے ہیں
اور اگلی صبح پھر نظر آنے لگتے ہیں
میں کبھی کبھار
ایک جھیل بن جاتا ہوں
جس میں ایک عورت اپنا عکس دیکھتی ہے
اپنے آپ کو پہچاننے کی کوشش کرتی ہے
اور آنسو بہاتی ہے
وہ عورت
میری اہمیت وافادیت کو جانتی پہچانتی ہے
وہ ہر صبح اپنا چہرہ مجھ میں دیکھتی ہے
وہ صبح جو رات کی تاریکی کی کوکھ سے پیدا ہوتی ہے
وہ جانتی ہے
کہ مجھ میں ایک الھڑ جوان لڑکی ڈوب گئی تھی
اور اب
ایک غمزدہ بوڑھی عورت جنم لے رہی ہے

بقیہ 1

کارروائی میں ایرانی فورسز نے شیلنگ کی۔ سرحدی جھڑپ میں کوئی زخمی نہیں ہوا۔ طالبان حکومت کے نائب ترجمان نے نمروز کے سرحدی علاقے میں جھڑپ کی تصدیق کی تھی تاہم تفصیلات نہیں بتائیں۔

بقیہ 2

بنایا جائے اور جاری کردہ ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ ڈاکٹر تیدروس ایڈہانوم نے کہا ہے کہ پوری دنیا اس بات کو یقینی بنائے کہ سب سے پہلے کمزور افراد کو ویکسین لگائی جائے۔ ڈاکٹر تیدروس نے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر ویکسینیشن بھی کم ہورہی ہے اور ٹیسٹنگ میں بھی کمی دکھائی دے رہی ہے جو نئی اقسام کو جنم دینے کا بنیادی سبب ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کے سربراہ نے واضح کیا کہ اسی وجہ سے ہم پوری دنیا سے اپیل کررہے ہیں کہ ویکسین کی تقسیم اور ٹیسٹنگ پوری دنیا میں یکساں اور مساوی بنیادوں پر کی جائے۔

بقیہ 3

اہمیت پر زور دیا کہ وہ افغانستان کی سرزمین سے کسی کو بھی کسی ملک کے لیے خطرہ بننے کی اجازت نہیں دیں گے۔ بیان میں کہا گیا کہ امریکی ٹیم نے امریکی شہریوں اور افغانوں کو محفوظ راستہ فراہم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا جن کے ساتھ امریکا کا خصوصی عزم ہے۔ امریکی مذاکرات کاروں نے تمام افغان شہریوں بشمول اس کی خواتین، لڑکیوں اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ایک امریکی یرغمال مارک فریچس کی بحفاظت رہائی کا مطالبہ کیا تاہم امریکی بیان میں کابل میں ایک ہمہ گیر حکومت کی تشکیل سے متعلق مطالبے کا ذکر نہیں کیا گیا۔ طالبان کی وزارت خارجہ کے ترجمان عبدالقہار بلخی نے کہا کہ دونوں فریقوں نے سیاسی، اقتصادی، صحت، تعلیم، سلامتی اور انسانی مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ عبدالقہار بلخی نے کہا کہ افغان فریق نے انہیں سیکیورٹی کے بارے میں یقین دہانی کرائی، افغان ذخائر کو فوری طور پر غیر مشروط طور پر منجمد کرنے، پابندیوں اور بلیک لسٹوں کے خاتمے اور انسانی ہمدردی کے مسائل کو سیاسی تحفظات سے منقطع کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے سماجی روابط کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر کہا کہ مجموعی طور پر مذاکرات مثبت رہے اور دونوں فریقوں نے اس طرح کی ملاقاتوں کو آگے بڑھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 4

کو ملک سے نکال دیا ہے اور وہ سب 30 جنوری تک ملک چھوڑ دیں گے۔ وزارت خارجہ کی ترجمان ماریا زخاروا نے نیوز بریفنگ میں کہا کہ ہم جس طرح کا عمل ہوگا، اسی طرح جواب دیں گے۔ یہ اعلان ایک ایسے موقع پر کیا گیا ہے جب ایک دن بعد اسٹاک ہوم میں آرگنائزیشن فار سیکیورٹی اینڈ کو آپریشن آن یورپ کے اجلاس کے موقع پر امریکی سیکرٹری آف اسٹیٹ انٹونی بلنکن اور ان کے روسی ہم منصب سرجی لیوروو کے درمیان ملاقات شیڈول ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نئے امریکی قوانین کے مطابق ملک سے نکالے گئے روسی سفیر تین سال تک امریکا میں کام بھی نہیں کرسکیں گے۔ ماسکو میں امریکی سفارتخانہ ملک میں کام کرنے والا واحد امریکی مشن ہے جس کے عملے کی تعداد 2017 میں 1200 سے کم ہوکر 120 ہوگئی تھی اور امریکا کے مطابق اس عملے میں مزید کمی کے نتیجے میں ان کے کام پر دباؤ بڑھے گا تاہم روس کے نائب وزیر خارجہ سرگئی ریاب کو نے کہا کہ اگر امریکا اپنے اقدام کو منسوخ کردے تو روس بھی اس عمل کو روک کرسکتا ہے۔

بقیہ 5

ہوئے تھے، جس کے بعد کئی ممالک نے ویکسین کا استعمال روک دیا تھا۔ جبکہ برطانوی حکومت نے آکسفرڈ کی ایسٹرازینیکا ویکسین کا دفاع کرتے ہوئے اسے محفوظ و موثر قرار دیا تھا۔ یورپی میڈیسن ایجنسی نے اس حوالے سے کہا تھا کہ ایسٹرازینیکا ویکسین کے فائدے اس کے ممکنہ نقصان سے زیادہ ہیں۔

بقیہ 6

حکمت عملی اپنانے کی غرض سے اس طرح کے میثاق کی راہ ہموار ہوئی۔ جنیوا میں خصوصی اجلاس کے دوران عالمی ادارہ صحت کے 194 رکن ممالک نے متفقہ طور پر وبا سے تحفظ، تیاری اور نمٹنے کے لیے نیا میثاق تیار کرنے کے لیے مذاکرات اور ڈرافٹنگ کا عمل شروع کرنے کے لیے قرارداد منظور کی اس عمل کا حتمی نتیجہ عالمی دارہ صحت کے رکن ممالک کو 2024 میں پیش کیا جائے گا۔ عالمی ادارہ صحت کے سربراہ تیدروس ایڈہانوم نے تین روزہ اجلاس سے اختتامی خطاب میں کہا کہ یہ فیصلہ باعث خوشی اور امید ہے جس کی ہم سب کو ضرورت ہے تاہم اب سفر طویل ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے میثاق کے جزیات پر ابھی اختلاف رائے موجود ہے کہ کیا چیز شامل ہونی چاہیے اور کون سی چیز شامل نہیں کی جائے لیکن یہ ایک دوسرے اور دنیا پر یہ ثابت کردیا ہے کہ اختلافات پر قابو پایا جاسکتا ہے اور مشترکہ اہداف حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ اومیکرون ویرینٹ کے نام سے سامنے والی قسم کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ تمام رکن ممالک سے ایک درخواست ہے کہ اس وبا کا خاتمہ کریں، صرف پچھلے ہفتے میں اس وائرس نے ثابت کیا ہے کہ یہ اتنی آسانی سے ختم نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مزید کتنی انسانی جانیں لے گا یہ ہم پر منحصر ہے۔ تیدروس ایڈہانوم نے کہا کہ وبا کا خاتمہ ایک موقع نہیں بلکہ ضرورت کا معاملہ ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ دنیا کے 194 ممالک پر مشتمل عالمی ادارہ صحت کا غیر معمولی خصوصی اجلاس تھا جو وباؤں پر نئے میثاق کو مدنظر رکھ کر منعقد کیا گیا۔ رکن ممالک نے عالمی ادارہ صحت کا وبا سے تحفظ، تیاری اور نمٹنے کے لیے میثاق، معاہدہ یا بین الاقوامی عہد نامہ تیار کرنے کے لیے بین الحکومتی مذکراتی تنظیم کی بنیاد رکھنے پر اتفاق کرلیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ادارے کا پہلا اجلاس اگلے برس مارچ سے زیادہ تاخیر نہیں ہوگا جس میں دو مشترکہ چیئرمین اور 4 وائس چیئرمین منتخب کیے جائیں گے اس حوالے سے پیش رفت پر مبنی رپورٹ عالمی ادارہ صحت اسمبلی کے 2023 میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس میں پیش کی جائے گی اور حتمی نتیجہ 2024 میں عالمی ادارہ صحت کی اسمبلی کے سالانہ اجلاس میں رکھا جائے گا۔

بقیہ 7

مبنی کورونا تھراپی کا پری کلینیکل تجزیہ کیا گیا۔ دواساز کمپنی کا کہنا ہے کہ کورونا تھراپی پری کلینیکل تجزیے میں کورونا اینٹی باڈی ٹریٹمنٹ کے اومی کرون ویرینٹ کیخلاف مثبت نتائج ملے ہیں۔ کمپنی کے مطابق اومی کرون ویرینٹ کیخلاف اینٹی باڈی ٹریٹمنٹ کے مزید ٹھوس نتائج کیلئے ٹیسٹ کئے جائیں گے۔

بقیہ 8

اسکول دوبارہ کھولے گئے تھے تاہم فضائی آلودگی بدستور برقرار رہنے کی وجہ سے جمعہ سے اسکولز تاحکم ثانی بند رہیں گے۔ ادھر بھارتی سپریم کورٹ نے آلودگی میں کمی کے لئے ناکافی اقدامات پر اظہار برہمی کرتے ہوئے مرکزی اور دہلی کی حکومت کو 24

ماورا حسین نے امیر گیلانی کو لاکھوں میں ایک قرار دیدیا

شوبز کیریئر نے مجھے اتنا کچھ دیا جس کی مجھے امید بھی نہیں کی تھی ماورا حسین

ٹوئٹ کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے کیریئر کے پہلے ڈرامے کی شوٹنگ نومبر 2011 میں شروع کی تھی

کراچی (این این آئی) اداکارہ ماورا حسین نے شوبز انڈسٹری میں ایک دہائی مکمل ہونے پر مداحوں کے سوالوں کے جوابات دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ کب تک بیاگھر سدھار جائیں گی۔ ماورا حسین نے 30 نومبر شوبز انڈسٹری میں اپنے 10 سال مکمل ہونے کے موقع پر ٹوئٹر پر مداحوں کے سوالوں کے جوابات دیے اور یہ بھی بتایا کہ ان کا پہلا ڈراما کب نشر ہوا تھا۔ ماورا حسین نے شوبز میں ایک دہائی مکمل ہونے کی ٹوئٹ کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے کیریئر کے پہلے ڈرامے کی شوٹنگ نومبر 2011 میں شروع کی تھی اور تقریباً تمام ہی مصروف اچھے خاصے کامیاب رہے۔ اداکارہ نے ایک دہائی کے دوران اپنے ڈرامے کامیاب ہونے پر شکر بھی ادا کیا جب کہ یہ بھی اعتراف کیا کہ شوبز کیریئر نے انہیں اتنا کچھ دیا جس کی انہوں نے امید بھی نہیں کی تھی۔ شوبز میں ایک دہائی مکمل ہونے پر انہوں نے مداحوں کے سوالوں کے جوابات بھی دیے اور بتایا کہ جلدی وہ نئے ڈراموں میں کام کرتی دکھائی دیں گی۔ ایک سوال کے جواب میں مادرا حسین نے امیر گیلانی کو سب سے پسندیدہ اداکار کے شوہر سے متعلق نیا انکشاف کیا جارہا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ افواہیں زیر گردش ہیں کہ راحی ساونت کے شوہر بزنس مین نہیں بلکہ بھارتی ریئلیٹی شو بگ باس کے بطور کیمرہ مین ملازم ہیں۔ راحی ساونت کے شوہر تتیش سے متعلق ایک نیا انکشاف ہوا ہے۔

راکھی ساونت کے شوہر تتیش سے متعلق ایک نیا انکشاف

راکھی ساونت کے شوہر تتیش اصل میں بگ باس کی ٹیم کیمرہ مین ہیں



ممبئی (این این آئی) بھارتی متنازع اداکارہ اور بگ باس کے سیزن 14 کی کنٹسٹنٹ راکھی ساونت کے شوہر تتیش سے متعلق ایک نیا انکشاف ہوا ہے۔ گزشتہ ماہ 27 نومبر کو راکھی ساونت نے شوہر کے ہمراہ بگ باس کے سیزن 15 میں شرکت کی تھی اور ان کی اس اسٹری کو دیکھ کر سب حیران ہو گئے تھے۔ راکھی ساونت نے اپنے شوہر تتیش سے متعلق بتایا تھا کہ وہ ایک بزنس مین ہیں جس کی وجہ سے وہ زیادہ تر بیرون ملک میں ہی رہتے ہیں لیکن اب اداکارہ کے شوہر سے متعلق نیا انکشاف کیا جارہا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ افواہیں زیر گردش ہیں کہ راکھی ساونت کے شوہر بزنس مین نہیں بلکہ بھارتی ریئلیٹی شو بگ باس کے بطور کیمرہ مین ملازم ہیں۔ راکھی ساونت کے شوہر تتیش سے متعلق ایک نیا انکشاف ہوا ہے۔

معروف شاعر استاد دامن، گلوکارہ کوثر روبین کی برسی (آج) منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) پنجابی کے معروف شاعر استاد دامن اور گلوکارہ کوثر پروین کی برسی آج (جمعہ) کو منائی جائے گی۔ استاد دامن 4 ستمبر 1911 کو چوک متی لاہور میں پیدا ہوئے، ان کو شاعری کا شوق تو بچپن سے ہی تھا لیکن باقاعدہ طور پر شاعری کا آغاز میٹرک کے بعد کیا۔ انہوں نے پنجابی زبان و ادب کے فروغ کے لیے گرانقدر خدمات سرانجام دیں اور ادبی تنظیم پنجابی ادبی سنگت کی بنیاد رکھی اور تنظیم کے سیکرٹری رہے۔ استاد دامن نے تقریباً تیس کے قریب فلموں کے لیے گیت بھی لکھے۔ جن میں منوں دھرتی کی گرا دے پچھاں میں ساری رات، چن چنا دے بنگلے بیٹھے بھجیاں دین دہائیاں، گھنڈ کھولے تو الا بیجھے یار گا گیت شامل ہیں۔ یہ عوامی شاعر 3 دسمبر 1984 کو اس دنیا فانی سے کوچ کر گئے۔ معروف شاعر استاد دامن کی برسی آج منائی جائیگی۔

کترینہ کیف اور وکی کوشل 9 شادی کے بندھن میں بندھ جائیں

شادی کی تقاریب کی معلومات کو خفیہ رکھنے کے لیے قدامات اٹھا رہے ہیں

